اللہ نور السموات والارض مثل نورہ کمشکوۃ فیہا مصباح

الحمد للہ والمنۃ کہ ربع ثالث کتاب مستطاب مشکوٰۃ مترجم بترجمہ اردو تحت لفظی مع حواشی مفیدہ المسمّٰی

# الرحمة المهداة

الی من یرید

# ترجمة المشكوٰة

باہتمام ابوادریس عبدالغفور و عبدالاول پسران مولوی محمد صاحب ابن مولوی عبداللہ صاحب غزنوی

در مطبع القرآن والسنۃ واقع امرتسر مطبوع شد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كِتَابُ الْقِصَاصِ الْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ
كتاب ہے بیچ بیان قصاص کے۔ فصل پہلی روایت ہے عبد الله

ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ يَّشْهَدُ
بن مسعود سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں روا خون کرنا انسان مسلمان کا کہ گواہی دیتا ہو

اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَّا بِاِحْدٰى ثَلٰثٍ النَّفْسُ بِالنَّفْسِ وَ
اسکی کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور تحقیق میں رسول اللہ کا ہوں مگر بسبب ایک بات کے تین میں سے مارا جاوے نفس بدلے نفس کے

الثَّيِّبُ الزَّانِيْ وَالْمَارِقُ لِدِيْنِهِ التَّارِكُ لِلْجَمَاعَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ
سنگسار کیا جاوے زانی بیاہا ہوا اسلئے اور مرتد چھوڑ دینے والا جماعت کو متفق علیہ۔ اور روایت ہے

ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يَّزَالَ الْمُؤْمِنُ فِيْ فُسْحَةٍ مِّنْ دِيْنِهِ
ابن عمر رضی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہتا ہے مومن بیچ کشادگی کے دین اپنے سے

مَا لَمْ يُصِبْ دَمًا حَرَامًا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ
جب تک کہ نہیں پہنچتا ہے خون حرام کو نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رضی سے کہ کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ مَا يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِي
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اول حکم کرنا اللہ تعالیٰ کا درمیان لوگوں کے حکم کرنا

الدِّمَاءِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ اَنَّهُ قَالَ يَا رَسُوْلَ
خونوں میں ہے متفق علیہ۔ اور روایت ہے مقداد بن اسود سے یہ کہ اونہے کہا یا رسول الله

اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ لَقِيْتُ رَجُلًا مِّنَ الْكُفَّارِ فَاقْتَتَلْنَا فَضَرَبَ اِحْدٰى يَدَيَّ
خبر دیجیے مجھکو اگر میں ملاقات کروں ایک شخص کافر سے پس لڑیں ہم آپس میں پس مارے میرے ایک ہاتھ کو

بِالسَّيْفِ فَقَطَعَهَا ثُمَّ لَاذَ مِنِّيْ بِشَجَرَةٍ فَقَالَ اَسْلَمْتُ لِلّٰهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ
تلوار پس کاٹ ڈالے اوسکو پھر پناہ پکڑے کا مجھ سے ساتھ ایک درخت کے اور کہے مسلمان ہوا میں واسطے اللہ کے اور ایک روایت میں

بیچ مسلمان کا قتل تین صورت کے کہ حرام کا بیاہا ہوا اسکو رجم کیا جاوے دوسرے خون کے بدلے خون تیسرے مرتد جسے اسلام کا دین چھوڑا۔ ۲ حرام و معصوم ہوا خون کے نہایت سخت گناہ ہے بعد شرک ناحق بہانا سبب ہے دین میں تنگی ہو جاتی ہے ۳ خون نہیں ہو گا مقصود یعنی دنیا میں انسان کی حیات

اسکے اوپر حکم ...
اس سے پہلے ہے کا فیصلہ اول خون نہیں میں شروع حقوق العباد ہوگا سوال اول نماز سے میں اول اور معاملات میں خون کا فیصلہ ہوگا

فلما اهويت لاقتله قال لا اله الا الله أأقتله بعد ان قالها

جب قصد کیا مینے کہ قتل کرون مین اوسکو کہا لا اله الا الله کیا مار ڈالون مین اوسکو بعد کہنے کلمہ کے

قال لا تقتله فقال يا رسول الله انه قطع احدى يدى فقال

فرمایا نہ قتل کر اوسکو پس کہا مقداد نے یا رسول الله تحقیق اوسنے کاٹ ڈالا ہے ایک ہاتھ میرا پس فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تقتله فان قتلته فانه بمنزلتك قبل ان

رسول خدا صلی الله علیه وسلم نے نہ قتل کر اوسکو پس اگر قتل کریگا تو اوسکو پس تحقیق وہ بیچ مرتبہ تیری کے ہے پہلے اسکے

تقتله وانك بمنزلته قبل ان يقول كلمته التي قال متفق عليه

قتل کرے تو اوسکو اور تحقیق تو ہوویگا بیچ مرتبہ اوسکے کے پہلے کہنے کلمہ اوسکے کے کہ کہا متفق علیہ

وعن اسامة بن زيد قال بعثنا رسول الله صلى الله عليه وسلم الى اناس

اور روایت ہے اسامہ بن زید سے کہ کہا بھیجا ہمکو رسول خدا صلے الله علیه وسلم نے طرف لوگون

من جهينة فاتيت على رجل منهم فذهبت اطعنه فقال لا اله

جہینہ کے پس آیا مین ایک شخص کے پاس ونمین سے اور ارادہ کیا مینے یہ کہ مارون مین اوسکو نیزہ پس کہا اوسنے لا اله

الا الله فطعنته فقتلته فجئت الى النبي صلى الله عليه وسلم فاخبرته فقال

الا الله اور مارا مینے اوسکو نیزہ پس مار ڈالا مینے اوسکو پھر آیا مین پاس نبی صلی الله علیه وسلم کے اور خبر دی مینے اوسکو پس فرمایا

أقتلته وقد شهد ان لا اله الا الله قلت يا رسول الله انما

کیا قتل کیا تونے اوسکو حال آنکہ پڑھا اوسنے کلمہ لا اله الا الله کہا مینے یا رسول الله سوا اسکے نہین

فعل ذلك تعوذا قال فهلا شققت عن قلبه متفق عليه وفي

کیا اوسنے یہ واسطے بچاؤ کے قتل سے فرمایا پس کیون نہ چیرا تونے دل اوسکا نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور بیچ

رواية جندب بن عبد الله البجلي ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال

روایت جندب بن عبد الله بجلی کے یہ ہے کہ رسول خدا صلے الله علیه وسلم نے فرمایا

...ف تصنع بلا اله الا الله اذا جاءت يوم القيمة قاله مرارا رواه

کریگا تو کلمہ لا اله الا الله کو جسوقت کہ آویگا یہ کلمہ دن قیامت کے فرمایا حضرت نے یہ کئی بار نقل کیا یہ

مسلم وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

مسلم نے - اور روایت ہے عبد الله بن عمرو سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے الله علیه وسلم نے

من قتل معاهدا لم يرح رائحة الجنة وان ريحها توجد من مسيرة

جو شخص کہ قتل کرے سلہ عہد والے کو نہ پاویگا بو بہشت کی اور تحقیق بو بہشت کی آتی ہے راہ

اربعين خريفا رواه البخاري وعن ابي هريرة قال قال رسول

چالیس برس کی سے نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی سے کہ کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم من تردى من جبل فقتل نفسه فهو في نار جهنم

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے گرایا اپنے تئیں پہاڑ سے اور مار ڈالا اپنی جان کو بسبب اسکے پس وہ بیچ آگ دوزخ کے ہے

يتردى فيها خالدا مخلدا فيها ابدا ومن تحسى سما فقتل نفسه

گرا رہیگا اوسمین ہمیشہ ہمیشہ رکھا گیا اوسمین کبھی نہ نکلیگا اور جسنے پیا زہر اور مارے جان اپنی

فسمه في يده يتحساه في نار جهنم خالدا مخلدا فيها ابدا ومن قتل

پس زہر اوسکا اوسکے ہاتھمین ہوگا پیویگا اوسکو دوزخ کی آگ مین ہمیشہ ہمیشہ رکھا گیا اوسمین کبھی نہ نکلیگا اور جسنے مار ڈالی

نفسه بحديدة فحديدته في يده يتوجأ بها في بطنه في نار جهنم

جان اپنی سلہ ساتھ تیز چیز کے پس تیز چیز اوسکی اوسکے ہاتھ مین ہوویگی بھونکیگا اوسکو اپنے پیٹ مین بیچ آگ دوزخ کے

خالدا مخلدا فيها ابدا متفق عليه وعنه قال قال رسول الله

ہمیشہ ہمیشہ رکھا گیا اوسمین سلہ کبھی نہ نکلیگا متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم الذي يخنق نفسه يخنقها في النار والذي يطعنها يطعنها

صلے اللہ علیہ وسلم نے وہ شخص کہ گلا گھونٹے اپنا گلا گھونٹیگا اپنا دوزخ مین اور وہ شخص کہ نیزہ مارے اپنے تئیں سلہ نیزہ مارے

في النار رواه البخاري وعن جندب بن عبد الله قال قال رسول

آگ مین نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے جندب بن عبد اللہ سے کہ کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم كان فيمن كان قبلكم رجل به جرح فجزع فاخذ سكينا

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تھا بیچ اون لوگوں کے کہ تھے پہلے تمسے ایک شخص اوسکو لگا تھا زخم پس بے صبری کی اور لیا چھری

فحز بها يده فما رقأ الدم حتى مات قال الله تعالى بادرني عبدي بنفسه

اور کاٹ ڈالا اوس سے اپنا ہاتھ پس نہ تھما خون یہانتک کہ مرگیا فرمایا اللہ تعالی نے جلدی کی مجھ سے بندے میرے نے ساتھ ہلاک کرنے

فحرمت عليه الجنة متفق عليه وعن جابر ان الطفيل بن عمرو

سلہ پس حرام کی مینے اوسپر بہشت متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر سے یہ کہ

باب القصاص

الدوسی لما هاجر النبی صلی الله علیه وسلم الی المدینة هاجر الیه وهاجر

جب ہجرت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طرف مدینہ کے تو ہجرت کی طفیل بن عمرو نے طرف حضرت کی اور ہجرت کی

معه رجل من قومه فمرض فجزع فاخذ مشاقص له فقطع بها

ساتھ طفیل کے ایک شخص نے اونکی قوم میں سے پس مریض ہوا وہ شخص اور بے صبری کی پس لین اپنی پیکانین تیر کی اور کاٹے ڈالے ساتھ

براجمه فشخبت یداه حتی مات فراه الطفیل بن عمرو فی منامه و

جوڑ اپنی انگلیونکی پس جاری ہوا خون دونو ہاتھوں اوسکے سے یہانتک کہ مرگیا پس دیکھا طفیل بن عمرو نے اپنی خواب مین اس حالت مین

هیئته حسنة وراه مغطیا یدیه فقال له ما صنع بک ربک فقال

ہیئت اوسکی اچھی ہے اور دیکھا اوسکو اس حالت مین کہ ڈھانکے ہوئے ہے دونو ہاتھ اپنے پس کہا طفیل نے اوسکو کیا معاملہ کیا ساتھ تیرے رب تیرے نے

غفرلی بهجرتی الی نبیه صلی الله علیه وسلم فقال مالی اراک مغطیا یدیک قال

بخشدیا مجھکو رب میرے نے بسبب ہجرت کرنے میرے کے طرف نبی اوسکے کی پس کہا طفیل نے کیا ہے واسطے میرے کہ دیکھتا ہون تجھکو ڈھانکے ہوئے دونو ہاتھ

قیل لی لن نصلح منک ما افسدت فقصها الطفیل علی رسول الله

کہا گیا واسطے میرے ہرگز درست کرینگے ہم تجھ سے جس چیز کو خراب کی تو نے پس بیان کیا اس خواب کو طفیل نے روبرو رسول خدا

صلی الله علیه وسلم فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم اللهم ولیدیه فاغفر رواه

صلے اللہ علیہ وسلم کے پس کہا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یا الٰہی اور دونو ہاتھ اوسکے بھی بخشدے نقل کیا اس

مسلم وعن ابی شریح الکعبی عن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ثم انتم

مسلم نے اور روایت ہے ابی شریح کعبی سے کہ نقل کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا پھر تم

یا خزاعة قد قتلتم هذا القتیل من هذیل وانا والله عاقله من قتل

اے خزاعہ تحقیق قتل کیا تم نے اس قتیل کو قبیلہ ہذیل سے اور مین قسم ہے خدا کی خونبہا دینے والا ہون اوسکا

بعده قتیلا فاهله بین خیرتین ان احبوا قتلوا وان احبوا اخذوا

پیچھے اوسکے کسیکو پس وارث اوسکے مختار ہین درمیان دو امرون کے اگر چاہین مارڈالین قتل کرنیوالیکو اور اگر چاہین لے لین

العقل رواه الترمذی والشافعی وفی شرح السنة باسناده وصحح

خونبہا نقل کی یہ ترمذی اور شافعی نے اور شرح السنہ مین ساتھ اسناد شافعی کے مذکور ہے اور صحیح کہا

بانه لیس فی الصحیحین عن ابی شریح وقال واخرجاه من روایة

کہ یہ حدیث نہین ہے بخاری اور مسلم مین ابی شریح سے اور کہا بغوی نے کہ روایت کیا ہے بخاری اور مسلم نے اسی حدیث کو

أبي هريرة يعني بمعناه وعن أنس أن يهوديا رض رأس جارية

ابی ہریرہ سے یعنی ساتھ معنے اسکے کے ۔ اور روایت ہے انس رض سے یہ کہ ایک یہودی نے کچلا سر ایک لڑکی کا

بين حجرين فقيل لها من فعل بك هذا أفلان أفلان حتى سمي

درمیان دو پتھروں کے پس کہا گیا لڑکی سے کہ کسنے کیا ساتھ تیرے یہ کیا فلانے نے کیا فلانے نے یہانتک کہ نام لیا گیا

اليهودي فأومت برأسها فجيء باليهودي فاعترف فأمر به رسول

اوس یہودی کا پس اشارہ کیا لڑکی نے ساتھ سر اپنے کے پس حاضر کیا گیا یہودی پس اقرار کیا اوسنے پس حکم کیا بسبب اسکے رسول

الله صلى الله عليه وسلم فرض رأسه بالحجارة متفق عليه وعنه قال كسرت

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس کچلا گیا سر اوسکا ساتھ پتھروں کے متفق علیہ ۔ اور روایت ہے انس سے کہ کہا توڑے

الربيع وهي عمة أنس بن مالك ثنية جارية من الأنصار فأتوا

ربیع نے کہ وہ پھوپھی ہین انس بن مالک کی دانت ایک لڑکی کے انصار مین سے پس آئے قرابتی اوس لڑکی کے

النبي صلى الله عليه وسلم فأمر بالقصاص فقال أنس بن النضر عم أنس بن مالك

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس حکم فرمایا حضرت نے ساتھ بدلے کے پس کہا انس بن نضر چچا انس بن مالک کے نے

لا والله لا تكسر ثنيتها يا رسول الله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم

یون نہین قسم ہے خدا کی نہ توڑے جاوینگے دانت اوسکے اے رسول خدا کے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

يا أنس كتاب الله القصاص فرضي القوم وقبلوا الأرش فقال رسول

اے انس حکم اللہ کا بدلا لینا ہے پس رضامند ہوئی قوم اور قبول کی دیت پس فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم إن من عباد الله من لو أقسم على الله لأبره متفق

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بعضے بندگان خدا وہ ہین کہ اگر قسم کہا بیٹھیں اللہ پر تو البتہ پورا کرے اللہ اونکی قسم کو متفق

عليه وعن أبي جحيفة قال سألت عليا هل عندكم شيء ليس في

علیہ ۔ اور روایت ہے ابی جحیفہ سے کہ کہا پوچھا مینے حضرت علی رض سے کہ کیا تمہارے پاس کوئی چیز سوا

القرآن فقال والذي فلق الحبة وبرأ النسمة ما عندنا إلا ما في

قرآن کے ہے پس کہا علی رض نے قسم ہے اوس ذات کی کہ پیدا کیا اناج اور پیدا کی جان نہین ہے میرے پاس مگر وہ چیز کہ

القرآن إلا فهما يعطى رجل في كتابه وما في الصحيفة قلت وما في

قرآن مین ہے مگر سمجھ کہ دیا جاتا ہے کوئی شخص اللہ کی کتاب مین اور ہمارے پاس ہے وہ چیز کہ کاغذ مین لکھی ہوئی ہے کہا مینے کیا ہے

الصحيفة قال العقل وفكاك الاسير وان لا يقتل مسلم بكافر رواه

کا مذ مین لکھی ہوئی فرمایا علی نے کہ خون بہا اور قدر اور حکم اوسکا اور چھڑانا قیدی کا اور یہ کہ بدلہ نہ مارا جاوے مسلمان بدلے کافر کے

البخاري وذكر حديث ابن مسعود لا تقتل نفس ظلما في كتاب العلم

بخاری نے اور ذکر کی گئی حدیث ابن مسعود کی بیچ نہ ماری جاتی کوئی جان ازراہ ظلم کے بیچ کتاب العلم میں

الفصل الثاني عن عبد الله بن عمرو ان النبي صلى الله عليه وسلم قال

فصل دوسری روایت ہی عبد اللہ بن عمرو سے یہہ کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

لزوال الدنيا اهون على الله من قتل رجل مسلم رواه الترمذي و

البتہ جاتا رہنا دنیا کا بہت سہل ہے نزدیک اللہ کے قتل کرنے مرد مسلمان کے سے نقل کی یہ ترمذی اور

النسائي ووقفه بعضهم وهو الاصح ورواه ابن ماجة عن البراء بن

نسائی نے اور موقوف بیان کیا ہے اسکو بعضے راویوں نے اور وہ صحیح تر ہے اور نقل کی یہ ابن ماجہ نے براء بن

عازب وعن ابي سعيد وابي هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

عازب سے ۔ اور روایت ہی ابی سعید اور ابی ہریرہ سے کہ نقل کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے

قال لو ان اهل السماء والارض اشتركوا في دم مؤمن لاكبهم الله

کہ فرمایا کہ اگر تحقیق آسمان والے اور زمین والے شریک ہوں بیچ خون کرنے ایک مرد مسلمان کے تو البتہ اوندھا ڈالیگا

في النار رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن ابن عباس

دوزخ میں نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا یہہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہی ابن عباس سے

عن النبي صلى الله عليه وسلم قال يجيئ المقتول بالقاتل يوم القيمة ناصيته

کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا لاویگا مقتول قاتل کو دن قیامت کے اس حال میں کہ پیشانی قاتل کی

وراسه بيده واوداجه تشخب دما يقول يا رب قتلني حتى يدنيه

اور سر اوسکا مقتول کے ہاتھ میں ہوگا اور رگیں اوسکی بہتی ہونگی خون سے کہیگا ای پروردگار میرے قتل کیا اسنے مجھکو اور نزدیک لاویگا

من العرش رواه الترمذي والنسائي وابن ماجة وعن ابي امامة

عرش کے نقل کی یہ ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہی ابی امامہ

ابن سهل بن حنيف ان عثمان بن عفان اشرف يوم الدار فقال

بیٹے سہل بیٹے حنیف کے سے یہہ کہ عثمان بن عفان نے جھانکا مکان بلند پر سے دن دار کے اور کہا

سنہ ۳۵ انا للہ وانا الیہ راجعون

أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ أَتَعْلَمُوْنَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ

قسم دیتا ہون مین تمکو اللہ کی آیا جانتے ہو تم یہہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہین حلال ہوتی ہی خونریزی

مُسْلِمٍ إِلَّا بِإِحْدَى ثَلٰثٍ زِنًا بَعْدَ إِحْصَانٍ أَوْ كُفْرٍ بَعْدَ إِسْلَامٍ أَوْ قَتْلِ نَفْسٍ

شخص مسلم کی مگر بسبب ایک بات کی تین باتو مین سی زنا کرنا پیچھے نکاح کرنے کے یا کفر کرنا پیچھے اسلام کے یا جان مارنی

بِغَيْرِ حَقٍّ فَقُتِلَ بِهِ فَوَاللّٰهِ مَا زَنَيْتُ فِي جَاهِلِيَّةٍ وَلَا إِسْلَامٍ وَلَا ارْتَدَدْتُ

ناحق پس مارا جاویگا بدلے اوسکے مین پس قسم ہے خدا کی نہین زنا کیا مینے جاہلیت مین اور نہ اسلام مین اور نہ مرتد ہوا ہون

مُنْذُ بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا قَتَلْتُ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ فَبِمَ

جب سے کہ بیعت کی ہینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے اور نہ قتل کیا مینے کسی جان کو کہ حرام کیا اللہ تعالےٰ نے قتل کرنا اوسکا

تَقْتُلُوْنَنِيْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَلِلدَّارِمِيِّ لَفْظُ

قتل کرتے ہو تم مجکو نقل کی یہ ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور دسطے دارمی کے ہین لفظ

الْحَدِيْثِ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَزَالُ

حدیث کے۔ اور روایت ہی ابی درداء سے کہ نقل کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا ہمیشہ رہتا ہی

الْمُؤْمِنُ مُعْنِقًا صَالِحًا مَا لَمْ يُصِبْ دَمًا حَرَامًا فَإِذَا أَصَابَ دَمًا حَرَامًا

مسلمان جلدی کرنے والا اور نیکی کرنیوالا جب تک کہ نہ پہنچے خون حرام کو پس جب پہنچا خون حرام کو

بَلَّحَ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَعَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ ذَنْبٍ

تھک جاتا ہی نقل کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہی ابی درداء سے کہ نقل کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا ہر گناہ ہے

عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَغْفِرَهُ إِلَّا مَنْ مَاتَ مُشْرِكًا أَوْ مَنْ يَقْتُلُ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا

امید ہی اللہ تعالیٰ سے یہ کہ بخشدے اوسکو مگر گناہ اوس شخص کا کہ مری مشرک یا گناہ اوس شخص کا کہ قتل کرے کسی مسلمان کو جان کر

رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ عَنْ مُعَاوِيَةَ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

نقل کی یہ ابو داؤد نے اور نقل کی یہ نسائی نے معاویہ سے۔ اور روایت ہی ابن عباس سے کہ کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقَامُ الْحُدُوْدُ فِي الْمَسَاجِدِ وَلَا يُقَادُ بِالْوَلَدِ

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ قائم کیجاوین حدین مسجدونمین اور نہ قصاص لیا جاوے بدلے اولاد کے

الْوَالِدُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ أَبِي رِمْثَةَ قَالَ أَتَيْتُ

باپ سے نقل کی یہ ترمذی اور دارمی نے۔ اور روایت ہی ابی رمثہ سے کہ کہا آیا مین

[Margin notes:] ۱ جلدی کرنیوالا طرف نیکی کے ۲ بیان کرنیوالا حلال ہونا کہ باقی گناہ بڑا ہی یعنی اگر چاہے تو معاف کر دے ... قصاص لیا جاوے بدلے اولاد کے ... ابن الحنظلیہ ... ۳ [illegible]

رسول الله صلى الله عليه وسلم مع أبي فقال من هذا الذي معك قال ابني

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اپنے باپ کے ساتھ پس فرمایا کون ہے یہ تیرے ساتھ کہا کہ یہ بیٹا میرا ہے

اشهد به قال أما إنه لا يجني عليك ولا تجني عليه رواه أبو داود و

اے گواہ رہو ساتھ اسکے فرمایا خبردار رہ کہ یہ نہیں گناہ کریگا تجپر اور نہ تو گناہ کرے گا اسپر نقل کی یہ ابو داود اور

النسائي وزاد في شرح السنة في أوله قال دخلت مع أبي على رسول

نسائی نے اور زیادہ کیا صاحب مصابیح نے شرح السنہ میں بیچ اول حدیث کے ابو رمثہ نے کہا کہ داخل ہوا میں ساتھ باپ اپنے کے رسول

الله صلى الله عليه وسلم فرأى أبي الذي بظهر رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال دعني

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس دیکھی میرے باپ نے مہر نبوت کہ پشت پر تھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کہا باپ میرے نے کہ چھوڑ دو مجھکو

أعالج الذي بظهرك فإني طبيب فقال أنت رفيق والله الطبيب

علاج کروں میں اوس چیز کا کہ تمہاری پشت میں ہے پس تحقیق میں طبیب ہوں پس فرمایا حضرت نے کہ تو رفیق ہے اور اللہ طبیب ہے

وعن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده عن سراقة بن مالك

اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے انہوں نے نقل کی اپنے دادا سے اونہوں نے نقل کی سراقہ بن مالک سے کہ

قال حضرت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقيد الأب من ابنه ولا يقيد

کہا حاضر ہوا میں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس قصاص لیتے تھے باپ کا بیٹے اوسکے سے اور نہ قصاص لیتے تھے

الابن من أبيه رواه الترمذي وضعفه وعن الحسن عن سمرة

بیٹے کا باپ اوسکے سے نقل کی یہ ترمذی نے اور ضعیف کیا اسکو اور روایت ہے حسن بصری سے کہ نقل کی سمرہ سے کہ

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قتل عبده قتلناه ومن جدع

کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ قتل کرے اپنے غلام کو قتل کرینگے ہم اوسکو اور جو شخص کہ کاٹے اعضا

عبده جدعناه رواه الترمذي وأبو داود وابن ماجة والدارمي وزاد النسائي

غلام کا تو اعضاء کاٹینگے ہم اوسکے نقل کی یہ ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور زیادہ کیا نسائی نے

في رواية أخرى ومن خصى عبده خصيناه وعن عمرو بن شعيب عن

اور روایت میں کہ جو کوئی خوجہ کرے اپنے غلام کو سو خوجہ کرینگے ہم اوسکو اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی

أبيه عن جده أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من قتل متعمدا

اپنے باپ سے اوسنے اپنے دادا سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ قتل کرے جان بوجھ کر

دُفِعَ إِلَى أَوْلِيَاءِ الْمَقْتُوْلِ فَإِنْ شَاءُوْا قَتَلُوْا وَإِنْ شَاءُوْا أَخَذُوا الدِّيَةَ

حوالہ کیا جاوے طرف وارثوں مقتول کے پس اگر چاہیں تو قتل کریں اور اگر چاہیں لیویں دیت

وَهِيَ ثَلٰثُوْنَ حِقَّةً وَّثَلٰثُوْنَ جَذَعَةً وَّأَرْبَعُوْنَ خَلِفَةً وَّمَا صَالَحُوْا عَلَيْهِ

اور دیت یہ ہے تیس اونٹنیاں کہ چوتھے برس میں لگی ہوں اور تیس اونٹنیاں کہ پانچویں برس میں لگی ہوں اور چالیس اونٹنیاں حاملہ [illegible]

فَهُوَ لَهُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

پس وہ واسطے انہیں کے ہے نقل کیا اسکو ترمذی نے ۔ اور روایت ہے علی سے کہ نقل کرتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا

الْمُسْلِمُوْنَ تَتَكَافَأُ دِمَاؤُهُمْ وَيَسْعٰى بِذِمَّتِهِمْ أَدْنَاهُمْ وَيَرُدُّ عَلَيْهِمْ

کہ مسلمان آپس میں برابر ہیں قصاص اپنے میں [illegible]

أَقْصَاهُمْ وَهُمْ يَدٌ عَلٰى مَنْ سِوَاهُمْ أَلَا لَا يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ وَّلَا ذُوْ

[illegible]

عَهْدٍ فِيْ عَهْدِهٖ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنِ ابْنِ

عہد والا بیچ عہد اپنے کے نقل کیا ابو داؤد اور نسائی نے اور نقل کیا ابن ماجہ نے ابن

عَبَّاسٍ وَعَنْ أَبِيْ شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عباس سے ۔ اور روایت ہے ابی شریح خزاعی سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ

يَقُوْلُ مَنْ أُصِيْبَ بِدَمٍ أَوْ خَبْلٍ وَالْخَبْلُ الْجُرْحُ فَهُوَ بِالْخِيَارِ بَيْنَ إِحْدٰى

فرماتے تھے جو شخص کہ مصیبت زدہ ہو ساتھ خون کے یا زخم کے پس اس کو اختیار ہے درمیان ایک کے

ثَلٰثٍ فَإِنْ أَرَادَ الرَّابِعَةَ فَخُذُوْا عَلٰى يَدَيْهِ بَيْنَ أَنْ يَقْتَصَّ أَوْ يَعْفُوَ

تین چیزوں میں سے پس اگر چاہے چوتھی چیز پس پکڑو ہاتھ اوسکا [illegible] معاف کرے

أَوْ يَأْخُذَ الْعَقْلَ فَإِنْ أَخَذَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا ثُمَّ عَدَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهُ

یا لیوے دیت پس اگر لے ان چیزوں میں سے کوئی چیز پھر زیادتی کی پیچھے اوسکے پس واسطے اوسکے

النَّارُ خَالِدًا فِيْهَا مُخَلَّدًا أَبَدًا رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَعَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

آگ ہمیشہ رہنے والا ہوگا اوس میں ہمیشہ رکھا گیا [illegible] نقل کیا اسکو دارمی نے ۔ اور روایت ہے طاؤس سے [illegible]

عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قُتِلَ فِيْ عِمِّيَّةٍ فِيْ رِمِّيًّا يَكُوْنُ بَيْنَهُمْ

[illegible] نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہ مارا جاوے [illegible]

بِالْحِجَارَةِ أَوْ جَلْدٍ بِالسِّيَاطِ أَوْ ضَرْبٍ بِعَصًا فَهُوَ خَطَأٌ وَعَقْلُهُ عَقْلُ

ساتھ پتھروں کے یا مارا جاوے ساتھ مارنے کوڑوں کے یا ساتھ مارنے لکڑیوں کے پس یہ قتل بحکم قتل خطا کے ہے اور دیت اوسکی دیت

الْخَطَأِ وَمَنْ قُتِلَ عَمْدًا فَهُوَ قَوَدٌ وَمَنْ حَالَ دُونَهُ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ

خطا کی ہے اور جو شخص کہ مارا گیا جان بوجھ کر پس وہ قتل موجب قصاص کا ہے اور جو شخص کہ حائل ہو درمیان قصاص لینے کے پس اوپر اوسکے ہے لعنت

اللّٰهِ وَغَضَبُهُ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَّلَا عَدْلٌ رَوَاهُ أَبُو دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ

اللہ کی اور غضب اوسکا نہ قبول کیا جاوے گا اوس سے نفل اور نہ فرض نقل کی یہ ابو داؤد اور نسائی نے

وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَآ أُعْفِيْ مَنْ قَتَلَ بَعْدَ

اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ چھوڑونگا میں اوس شخص کو کہ قتل کرے پیچھے

أَخْذِ الدِّيَةِ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ

لینے دیت کے نقل کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے ابی درداء سے کہ کہا سنا میں نے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ رَّجُلٍ يُّصَابُ بِشَيْءٍ فِيْ جَسَدِهٖ فَتَصَدَّقَ بِهٖ إِلَّا رَفَعَهُ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہیں کوئی شخص کہ زخمی کیا گیا کچھ بیچ بدن اپنے کے پھر معاف کیا زخمی کرنیوالے سے مگر کہ بلند

اللّٰهُ بِهٖ دَرَجَةً وَّحَطَّ عَنْهُ خَطِيْئَةً رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ

اللہ بسبب اوسکے ایک درجہ اور دور کرتا ہے اوس سے ایک گناہ نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَتَلَ

فصل تیسری روایت ہے سعید بن مسیب سے یہہ کہ عمر بن خطاب نے قتل کیا

نَفَرًا خَمْسَةً أَوْ سَبْعَةً بِرَجُلٍ وَّاحِدٍ قَتَلُوْهُ قَتْلَ غِيْلَةٍ وَّقَالَ عُمَرُ لَوْ

ایک جماعت کو کہ پانچ تھے یا سات تھے بدلے قتل کرنے ایک شخص کے کہ قتل کیا تھا سب نے اوسکو قتل خفیہ و فریب سے اور فرمایا عمر نے

تَمَالَأَ عَلَيْهِ أَهْلُ صَنْعَاءَ لَقَتَلْتُهُمْ جَمِيْعًا رَوَاهُ مَالِكٌ وَّرَوَى الْبُخَارِيُّ

حملہ کرتے اوسپر صنعاء والے تو البتہ قتل کرتا میں اون سب کو نقل کی یہ مالک نے اور نقل کی بخاری نے

عَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوَهٗ وَعَنْ جُنْدُبٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ فُلَانٌ أَنَّ رَسُوْلَ

ابن عمر سے مانند اسکے۔ اور روایت ہے جندب سے کہ کہا حدیث کی مجکو فلانے نے یہہ کہ رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَجِيْءُ الْمَقْتُوْلُ بِقَاتِلِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَقُوْلُ سَلْ هٰذَا

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لاویگا مقتول یعنی قتل کیا گیا اپنے قاتل کو دن قیامت کے اور کہیگا پوچھ اوس سے

ثم قتلني فيقول تقتله على ملك فلان قال جندب فاتقها رواه

پھر کہیگا مجھ کو قتل کیا اسنے پس کہیگا قتل کیا میں نے اسکو واسطے سلطنت فلاں کی کہا جندب نے پس بچ تو اس سے نقل کیا

النسائي وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اعان

نسائی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ مدد کرے

على قتل مؤمن شطر كلمة لقي الله مكتوب بين عينيه آيس من رحمة

اوپر قتل کرنے مومن کے ساتھ آدھے کلمہ کے ملاقات کریگا اللہ تعالیٰ سے لکھا ہوگا درمیان دونوں آنکھوں اسکے ناامید رحمت

الله رواه ابن ماجة وعن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا امسك

اللہ کی سے نقل کیا ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جس وقت کہ پکڑے

الرجل وقتله الآخر يقتل الذي قتل ويحبس الذي امسك رواه

کسی کو اور قتل کرے اسکو اور شخص تو قتل کیا جاوے وہ شخص جسنے قتل کیا اور قید کیا جاوے وہ شخص جسنے پکڑا نقل کیا

الدارقطني باب الديات الفصل الاول عن ابن عباس

دارقطنی نے باب بیچ بیان دیتوں کے فصل پہلی روایت ہے ابن عباس سے

عن النبي صلى الله عليه وسلم قال هذه وهذه سواء يعني الخنصر والابهام

کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا دیت اسکی اور اسکی برابر ہے یعنی چھنگلیا اور انگوٹھے کی

رواه البخاري وعن ابي هريرة قال قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم في

نقل کیا بخاری نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا حکم کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ

جنين امرأة من بني لحيان سقط ميتا بغرة عبد او امة ثم ان المرأة

بچہ پیٹ ایک عورت کے بنی لحیان میں سے کہ گر پڑا مردہ ہوکر ساتھ غرے کے اور غرہ ایک غلام یا لونڈی ہے پھر تحقیق وہ عورت

التي قضى عليها بالغرة توفيت فقضى رسول الله صلى الله عليه وسلم بان

حکم کیا گیا تھا اوپر اسکے ساتھ غرے کے مرگئی پس حکم فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ

ميراثها لبنيها وزوجها والعقل على عصبتها متفق عليه وعنه

میراث اسکی واسطے بیٹوں اسکے اور اسکے خاوند کے ہے اور حکم فرمایا کہ دیت اوپر عصبہ اسکے ہے متفق علیہ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے

قال اقتتلت امرأتان من هذيل فرمت احداهما الاخرى بحجر فقتلتها

کہا لڑیں دو عورتیں قوم ہذیل میں سے پس مارا ایک نے ان میں سے دوسری کو ساتھ پتھر کے پس مار ڈالا اسکو

باب الديات

[illegible handwritten marginal notes]

وَمَا فِي بَطْنِهَا فَقَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ دِيَةَ جَنِينِهَا غُرَّةٌ عَبْدٌ

اور بچہ اوسکا جو اوسکے پیٹ مین تہا پس حکم کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق دیت بچہ اوسکی کی کہ بچہ پیٹ اوسکی کا ہو غرہ

أَوْ وَلِيدَةٌ وَقَضَى بِدِيَةِ الْمَرْأَةِ عَلَى عَاقِلَتِهَا وَوَرَّثَهَا وَلَدَهَا وَمَنْ مَعَهُمْ

یا لونڈی اور حکم کیا ساتھ دیت عورت کے کہ قتل کی گئی اوپر قوم اوس عورت کے کہ قتل کیا اوسنے اور وارث کیا دیت اوسکی کا

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ أَنَّ امْرَأَتَيْنِ كَانَتَا ضَرَّتَيْنِ فَرَمَتْ

متفق علیہ اور روایت ہے مغیرہ بن شعبہ سے یہہ کہ دو عورتین تہین آپسمین سوکنین پس مارا

إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى بِحَجَرٍ أَوْ عَمُودِ فُسْطَاطٍ فَأَلْقَتْ جَنِينَهَا فَقَضَى رَسُولُ

ایک نے اون دونوں مین سے دوسری کو ساتھ پتھر کے یا چوب خیمہ کے پس گرا دیا اوسکے پیٹ کے بچہ کو پس حکم فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنِينِ غُرَّةً عَبْدًا أَوْ أَمَةً وَجَعَلَهُ عَلَى عَصَبَةِ الْمَرْأَةِ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ بچہ کے غرہ غلام یا لونڈی اور واجب کیا اوسکو اوپر عصبہ عورت مارنے والی کے

هٰذِهِ رِوَايَةُ التِّرْمِذِيِّ وَفِي رِوَايَةِ مُسْلِمٍ قَالَ ضَرَبَتِ امْرَأَةٌ ضَرَّتَهَا

یہ روایت ترمذی کی ہے اور بیچ روایت مسلم کے یون ہے کہ کہا مغیرہ نے کہ مارا ایک عورت نے اپنی سوکن کو

بِعَمُودِ فُسْطَاطٍ وَهِيَ حُبْلَى فَقَتَلَتْهَا قَالَ وَإِحْدَاهُمَا لِحْيَانِيَّةٌ قَالَ فَجَعَلَ

ساتھ چوب خیمہ کے اور وہ تہی حاملہ پس مار ڈالا اوس عورت نے اپنی سوکن حاملہ کو کہا مغیرہ نے اور ایک اون دونوں مین سے تہی لحیان قبیلہ کی

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيَةَ الْمَقْتُولَةِ عَلَى عَصَبَةِ الْقَاتِلَةِ وَغُرَّةً لِمَا فِي

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیت عورت قتل کی گئی کی اوپر عاقلہ عورت مار ڈالنے والی کے اور کیا غرہ واسطے اوس بچہ کے

بَطْنِهَا الْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

پیٹ اوسکے کی تہی۔ فصل دوسری روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے یہہ کہ رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَلَا إِنَّ دِيَةَ الْخَطَأِ شِبْهِ الْعَمْدِ مَا كَانَ بِالسَّوْطِ وَالْعَصَا

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خبردار ہو کہ تحقیق دیت قتل خطا کی کہ شبہ عمد ہے کہ ساتھ کوڑے اور عصا کے ہو

مِائَةٌ مِنَ الْإِبِلِ مِنْهَا أَرْبَعُونَ فِي بُطُونِهَا أَوْلَادُهَا رَوَاهُ النَّسَائِيُّ

سو اونٹ ہین انمین چالیس ایسے ہون کہ انکے پیٹو نمین بچے اونکے ہون نقل کی یہ نسائی

وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ عَنْهُ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ وَفِي

اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور نقل کی ابو داود نے ابن عمرو سے اور ابن عمر سے اور

شَرْحِ السُّنَّةِ لَفْظُ لِلْمَصَابِيحِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَعَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ

عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَى اَهْلِ

الْيَمَنِ وَكَانَ فِي كِتَابِهِ اَنَّ مَنِ اعْتَبَطَ مُؤْمِنًا قَتْلًا فَاِنَّهُ قَوَدُ يَدِهِ اِلَّا

اَنْ يَرْضٰى اَوْلِيَاءُ الْمَقْتُولِ وَفِيهِ اَنَّ الرَّجُلَ يُقْتَلُ بِالْمَرْاَةِ وَفِيهِ فِي

النَّفْسِ الدِّيَةُ مِائَةٌ مِنَ الْاِبِلِ وَعَلٰى اَهْلِ الذَّهَبِ اَلْفُ دِينَارٍ وَفِي

الْاَنْفِ اِذَا اُوْعِبَ جَدْعُهُ الدِّيَةُ مِائَةٌ مِنَ الْاِبِلِ وَفِي الْاَسْنَانِ الدِّيَةُ

وَفِي الشَّفَتَيْنِ الدِّيَةُ وَفِي الْبَيْضَتَيْنِ الدِّيَةُ وَفِي الذَّكَرِ الدِّيَةُ وَفِي الصُّلْبِ الدِّيَةُ وَفِي

الْعَيْنَيْنِ الدِّيَةُ وَفِي الرِّجْلِ الْوَاحِدَةِ نِصْفُ الدِّيَةِ وَفِي الْمَامُومَةِ ثُلُثُ

الدِّيَةِ وَفِي الْجَائِفَةِ ثُلُثُ الدِّيَةِ وَفِي الْمُنَقِّلَةِ خَمْسَ عَشْرَةَ مِنَ الْاِبِلِ وَ

فِي كُلِّ اِصْبَعٍ مِنْ اَصَابِعِ الْيَدِ وَالرِّجْلِ عَشْرٌ مِنَ الْاِبِلِ وَفِي السِّنِّ خَمْسٌ مِنَ

الْاِبِلِ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَفِي رِوَايَةِ مَالِكٍ وَفِي الْعَيْنِ خَمْسُونَ وَ

فِي الْيَدِ خَمْسُونَ وَفِي الرِّجْلِ خَمْسُونَ وَفِي الْمُوضِحَةِ خَمْسٌ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ

شعیب عن ابیه عن جده قال قضی رسول الله صلی الله علیه وسلم فی المواضح

شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور اوسنے اپنے دادا سے کہ کہا حکم فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ زخموں کے کہ کھل جاوے ہڈی

خمسا خمسا من الابل وفی الاسنان خمسا خمسا من الابل رواه ابوداود

پانچ پانچ اونٹ ہیں اور بیچ دانتوں کے پانچ پانچ اونٹ ہیں نقل کی یہ ابوداود

والنسائی والدارمی وروی الترمذی وابن ماجة الفصل الاول

اور نسائی اور دارمی نے اور روایت کیا ترمذی اور ابن ماجہ نے ۱ے پہلا جملہ

وعن ابن عباس قال جعل رسول الله صلی الله علیه وسلم اصابع الیدین والرجلین

اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا مقرر کین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے انگلیان دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں کی

سواء رواه ابوداود والترمذی وعنه قال قال رسول الله صلی الله علیه

برابر نقل کی یہ ابوداود اور ترمذی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

الاصابع سواء والاسنان سواء الثنیة والضرس سواء هذه وهذه

انگلیاں برابر ہیں اور دانت برابر ہیں اگلے دانت اور ڈاڑہیں برابر ہیں ۲ے یہ اور یہ

سواء رواه ابوداود وعن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده قال

برابر ہیں نقل کی یہ ابوداود نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور شعیب نے نقل کی اپنے دادا سے کہا

خطب رسول الله صلی الله علیه وسلم عام الفتح ثم قال ایها الناس انه لا حلف

خطبہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سال فتح مکہ کے پھر فرمایا اے لوگو تحقیق نہیں ہے ۳ے پیدا کرنا عہد کا

فی الاسلام وما کان من حلف فی الجاهلیة فان الاسلام لا یزیده الا

اسلام میں اور رہا عہد نیک جو جاہلیت میں تھا پس تحقیق اسلام نہیں زیادہ کرتا اوسکو مگر

شدة المؤمنون ید علی من سواهم یجیر علیهم ادناهم ویرد علیهم

مضبوطی مسلمان حکم ایک ہاتھ کا رکھتے ہیں اون لوگوں پر کہ سوا اونکے ہیں پناہ دیتا ہے ادنی اونکا اور پھیرتا ہے اوپر

اقصاهم ویرد سرایاهم علی قعیدتهم لا یقتل مؤمن بکافر دیة الکافر

جو بہت دور ہے اونسے اور پھیرتے ہیں لشکر اونکے بیٹھے رہنے والوں پر نہ قتل کیا جاوے مومن بدلے کافر کے اور دیت کافر کی

نصف دیة المسلم لا جلب ولا جنب ولا تؤخذ صدقاتهم الا فی

آدھی دیت مسلمان کی ہے نہیں ہے کھینچ منگانا زکوۃ کے مواشی کو اور نہ الگ جا رہنا مواشی والوں کو اور نہ لیجاوے زکوۃ

دُوْرِهِمْ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ دِيَةُ الْمُعَاهِدِ نِصْفُ دِيَةِ الْحُرِّ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ
اونہیں کی گھروں میں سے اور ایک روایت میں کہا دیت عہد والے کی آدہی دیت حر کی ہے نقل کیا ابو داؤد نے

وَعَنْ خِشْفِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
اور روایت ہے خشف بن مالک سے کہ نقل کی ابن مسعود سے کہ کہا اسنے حکم فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

فِي دِيَةِ الْخَطَإِ عِشْرِيْنَ بِنْتَ مَخَاضٍ وَعِشْرِيْنَ ابْنَ مَخَاضٍ ذُكُوْرٍ وَعِشْرِيْنَ
بیچ دیت خطا کے بیس اونٹنیاں کہ دوسرے برس میں لگی ہوں اور بیس اونٹ کہ دوسرے برس میں لگے ہوں اور بیس اونٹنیاں

بِنْتَ لَبُوْنٍ وَعِشْرِيْنَ جَذَعَةً وَعِشْرِيْنَ حِقَّةً رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ
کہ تیسرے برس میں لگی ہوں اور بیس اونٹنیاں کہ پانچویں برس میں لگی ہوں اور بیس اونٹنیاں کہ چوتھے برس میں لگی ہوں نقل کیا یہ ترمذی

وَالنَّسَائِيُّ وَالصَّحِيْحُ أَنَّهُ مَوْقُوْفٌ عَلَى ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَخِشْفٌ مَجْهُوْلٌ لَا
اور نسائی نے اور صحیح یہ ہے کہ یہ موقوف ہے ابن مسعود رض پر اور خشف مجہول ہے نہیں

يُعْرَفُ إِلَّا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَرَوٰى فِي شَرْحِ السُّنَّةِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
پہچانا جاتا مگر ساتھ اس حدیث کی اور روایت کیا البغوی نے شرح السنہ میں یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

وَدٰى قَتِيْلَ خَيْبَرَ بِمِائَةٍ مِنْ إِبِلِ الصَّدَقَةِ وَلَيْسَ فِي أَسْنَانِ إِبِلِ الصَّدَقَةِ
دیت دی وس شخص کی کہ مارا گیا تھا خیبر میں ساتھ سو اونٹوں کی زکوۃ کے اونٹوں سے حال آنکہ نہیں تھی درمیان اونٹوں زکوۃ کے

ابْنُ مَخَاضٍ إِنَّمَا فِيْهَا ابْنُ لَبُوْنٍ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ
اونٹ دو برس کا سوا اسکے نہیں کہ اونمیں تھے دو برس کے اونٹ۔ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور اونے نقل کی

جَدِّهٖ قَالَ كَانَتْ قِيْمَةُ الدِّيَةِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانَ مِائَةِ
اپنے دادا سے کہ کہا اسنے تھی قیمت دیت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں آٹھ سو

دِيْنَارٍ أَوْ ثَمَانِيَةَ آلَافِ دِرْهَمٍ وَدِيَةُ أَهْلِ الْكِتَابِ يَوْمَئِذٍ النِّصْفُ مِنْ
دینار یا آٹھ ہزار درہم اور دیت اہل کتاب کی اون دنوں میں تھی آدہی

دِيَةِ الْمُسْلِمِيْنَ قَالَ فَكَانَ كَذٰلِكَ حَتَّى اسْتُخْلِفَ عُمَرُ فَقَامَ خَطِيْبًا فَقَالَ
دیت مسلمان کی کہا اوسکے دادا نے پس تھا حکم اسی طرح سے یہانتک کہ خلیفہ کئے گئے عمر رض اور کھڑے ہوئے حضرت عمر

إِنَّ الْإِبِلَ قَدْ غَلَتْ قَالَ فَفَرَضَهَا عُمَرُ عَلٰى أَهْلِ الذَّهَبِ أَلْفَ دِيْنَارٍ
تحقیق اونٹ مہنگے ہو گئے کہا راوی نے ٹھہرائی دیت عمر رض نے اوپر دولتمند سونا رکھنے والوں کی ہزار دینار

وعلى اهل الورق اثني عشر الفا وعلى اهل البقر مائتي بقرة وعلى

اور اوپر دولتمند چاندی والونکے بارہ ہزار درہم اور گائیں والون پر دوسو گائیں اور

اهل الشاء الفي شاة وعلى اهل الحلل مائتي حلة قال وترك دية اهل

بکری والونپر دو ہزار بکریان اور سلے جوڑے والون پر دوسو جوڑے کہا راوی نے اور چھوڑدی تہی عمر نے دیت

الذمة لم يرفعها فيما رفع من الدية رواه ابوداود وعن ابن عباس

ذمیون کی نہین زیادہ کیا اوسکو اون دیتون مین کہ زیادہ کی نقل کی یہ ابوداؤد نے - اور روایت ہے ابن عباس سے

عن النبي صلى الله عليه وسلم انه جعل الدية اثني عشر الفا رواه الترمذي و

کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ حضرت نے ٹہرائی دیت بارہ ہزار درہم نقل کی یہ ترمذی اور

ابوداود والنسائي والدارمي وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده

ابو داؤد اور نسائی اور دارمی نے - اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور اوسنے اپنے دادا سے

قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقوم دية الخطأ على اهل القرى

کہ کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ٹہراتے دیت خطا کی بستیون والون پر

اربعمائة دينار او عدلها من الورق ويقومها على اثمان الابل

چار سو دینار یا برابر اوسکے چاندی مین سے اور قیمت ٹہراتے دیت خطا کی اوپر مول اونٹون کے

فاذا غلت رفع في قيمتها واذا هاجت رخصا نقص من قيمتها وبلغت

پس جسوقت مہنگے ہوتے اونٹ تو زیادہ کرتے بیچ قیمت دیت کی اور جب ظاہر ہوتی ارزانی اونٹون کی قیمت مین کم کرتے قیمت

على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم ما بين اربعمائة دينار الى ثمان مائة دينار

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین مابین چار سو دینار کے آٹھ سو دینار تک

وعدلها من الورق ثمانية آلاف درهم قال وقضى رسول الله صلى

اور برابر اسکے چاندی بھی آٹھ ہزار درہم کہا راوی نے اور حکم فرمایا رسول خدا صلی اللہ

الله عليه وسلم على اهل البقر مائتي بقرة وعلى اهل الشاء الفي شاة وقال رسول

علیہ وسلم نے گائیں والون پر دوسو گائیں اور بکریون والونپر دو ہزار بکریان اور فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم ان العقل ميراث بين ورثة القتيل وقضى رسول الله

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق دیت میراث ہوتی ہے درمیان وارثون قتل کئے گئے کے اور حکم فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم ان عقل المرأة بين عصبتها ولا يرث القاتل شيئا رواه ابوداود
صلے اللہ علیہ وسلم کہ تحقیق دیت عورت کی بانٹی گئی ہے درمیان عصبوں اوسکے کے لئے اور نہیں وارث ہوتا قاتل عورت کی

والنسائي وعنه عن ابيه عن جده ان النبي صلى الله عليه وسلم قال عقل
اور نسائی نے۔ اور روایت ہے عمرو سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اوسنے اپنے دادا سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دیت

شبه العمد مغلظ مثل عقل العمد ولا يقتل صاحبه رواه ابوداود
شبہ عمد کی سخت ہے مانند دیت عمد کے اور نہ مارا جاوے صاحب شبہ عمد کا نقل کی یہ ابوداؤد نے

وعنه عن ابيه عن جده قال قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم في العين
اور روایت ہے عمرو سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اوسنے اپنے دادا سے کہا حکم فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ مقدمہ آنکھ کے

القائمة السادة لمكانها بثلث الدية رواه ابوداود والنسائي وعن
کہ ٹھہری ہو اپنی جگہ اور جاتی رہی ہو روشنی اوسکی ساتھ تہائی دیت کے نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے

محمد بن عمرو عن ابي سلمة عن ابي هريرة قال قضى رسول الله صلى
محمد بن عمرو سے کہ نقل کی ابی سلمہ سے اور اوسنے ابوہریرہ سے کہ کہا حکم فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم في الجنين بغرة عبد او امة او فرس او بغل رواه ابوداود و
علیہ وسلم نے بیچ بچے کے کہ پیٹ میں مرگیا ساتھ غرہ کے کہ غلام ہے یا لونڈی یا گھوڑا یا خچر نقل کی یہ ابوداؤد نے اور

قال روى هذا الحديث حماد بن سلمة وخالد الواسطي عن محمد
کہا روایت کی یہ حدیث حماد بن سلمہ نے اور خالد واسطی نے محمد

ابن عمرو ولم يذكرا او فرس او بغل وعن
بن عمرو سے اور نہیں ذکر کیا ہر ایک نے دونوں میں سے لفظ او فرس او بغل کا۔ اور روایت ہے

عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من
عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اوسنے اپنے دادا سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص

تطبب ولم يعلم منه طب فهو ضامن رواه ابوداود والنسائي و
کہ طبیب ٹھہراوے اپنے تئیں بتکلف اور نہیں جانی گئی اوس سے طب پس وہ ضامن ہے نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے۔ اور

عن عمران بن حصين ان غلاما لاناس فقراء قطع اذن غلام لاناس
روایت ہے عمران بن حصین سے کہ یہ کہ ایک لڑکے فقیروں کے نے کان کاٹ ڈالا ایک لڑکے

أَغْنِيَاءَ فَأَتَى أَهْلُهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا إِنَّا أُنَاسٌ فُقَرَاءُ فَلَمْ يَجْعَلْ

دولتمند تھے کا پس آئے ناتیدار اوس لڑکے کان کا اوس واکے پیغمبر خدا صلعم کے پاس اور عرض کیا کہ ہم ہیں محتاج لوگ پس نہ مقرر کی حضرت نے

عَلَيْهِمْ شَيْئًا رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ عَلِيٍّ

اونپر کوئی چیز نقل کی یہ ابو داؤد اور نسائی نے۔ فصل تیسری۔ روایت ہے حضرت علی سے

أَنَّهُ قَالَ دِيَةُ شِبْهِ الْعَمْدِ أَثْلَاثًا ثَلَاثٌ وَثَلَاثُونَ حِقَّةً وَثَلَاثٌ وَثَلَاثُونَ

یہ کہ اونہوں نے فرمایا کہ دیت شبہ عمد کی ہیں تین طرح کی اونٹ دینے آتے ہیں تینتیس اونٹنیاں اس طرح کی کہ چوتھی برس میں

جَذَعَةً وَأَرْبَعٌ وَثَلَاثُونَ ثَنِيَّةً إِلَى بَازِلِ عَامِهَا كُلُّهَا خَلِفَاتٌ وَفِي

اس طرح کی کہ پانچویں برس میں لگی ہوں اور چونتیس اونٹنیاں کہ چھٹی برس میں لگی ہوں آٹھ برس تک کی نویں برس میں لگی ہوں اور سب حاملہ ہوں

رِوَايَةٍ قَالَ فِي الْخَطَإِ أَرْبَاعًا خَمْسٌ وَعِشْرُونَ حِقَّةً وَخَمْسٌ وَعِشْرُونَ

روایت میں علی سے یوں آیا ہے کہ کہا بیچ قتل خطا کے چار قسم کی اونٹنیاں دینی آتی ہیں پچیس تین تین برس کی اور پچیس

جَذَعَةً وَخَمْسٌ وَعِشْرُونَ بَنَاتِ لَبُونٍ وَخَمْسٌ وَعِشْرُونَ بَنَاتِ مَخَاضٍ

چار چار برس کی اور پچیس دو دو برس کی اور پچیس ایک ایک برس کی

رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ قَضَى عُمَرُ فِي شِبْهِ الْعَمْدِ ثَلَاثِينَ حِقَّةً

نقل کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے مجاہد سے کہ کہا حکم فرمایا حضرت عمر نے بیچ قتل شبہ عمد کے تیس اونٹنیاں تین تین برس کی

وَثَلَاثِينَ جَذَعَةً وَأَرْبَعِينَ خَلِفَةً مَا بَيْنَ ثَنِيَّةٍ إِلَى بَازِلِ عَامِهَا رَوَاهُ

اور تیس چار چار برس کی اور چالیس اونٹنیاں حاملہ مابین پانچ برس پوری کے اور آٹھ برس پوری کی نقل کی یہ

أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى فِي الْجَنِينِ

ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے سعید بن مسیب سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا بیچ لڑکے کے

يُقْتَلُ فِي بَطْنِ أُمِّهِ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ أَوْ وَلِيدَةٍ فَقَالَ الَّذِي قُضِيَ عَلَيْهِ

کہ مارا جاوے اپنی ماں کے پیٹ میں ساتھ غرہ کے غلام ہو یا لونڈی پس کہا اوس شخص نے کہ حکم کیا گیا تھا اوس پر

كَيْفَ أَغْرَمُ مَنْ لَا شَرِبَ وَلَا أَكَلَ وَلَا نَطَقَ وَلَا اسْتَهَلَّ وَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلُّ

کس طرح تاوان بھروں میں اوس شخص کا کہ نہ پی اوس نے کوئی چیز اور نہ کھائی اور نہ بولا اور نہ چلایا اور مانند اس قتل کے ساقط کیا جاتا ہے

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا هٰذَا مِنْ إِخْوَانِ الْكُهَّانِ رَوَاهُ مَالِكٌ

پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سوا اسکے نہیں کہ یہ شخص کاہنوں کی بھائیوں میں سے ہے نقل کی یہ مالک نے

والنسائي مرسلا ورواه ابو داود عنه عن ابي هريرة متصلا باب

اور نسائی نے مرسل اور نقل کی ہے ابو داود نے سعید سے اور اونسے نقل کی ابی ہریرہ سے بطریق اتصال کے باب ہے

ما لا يضمن من الجنايات الفصل الاول عن ابي هريرة

بیچ بیان اون چیزوں کے کہ نہیں تاوان دیا جاتا ہے اونکا بسبب قصوروں کے فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ رضی سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم العجماء جرحها جبار والمعدن جبار

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے چارپایہ کا زخم کر دینا اونکا معاف ہے اور کان بھی معاف ہے

والبئر جبار متفق عليه وعن يعلى بن امية قال غزوت مع رسول

اور کنویں میں کوئی گر کر مرے معاف ہے متفق علیہ اور روایت ہے یعلی بن امیہ سے کہ کہا جہاد کیا میں نے ساتھ پیغمبر خدا

الله صلى الله عليه وسلم جيش العسرة وكان لي اجير فقاتل انسانا فعض احدهما

صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ لشکر تنگی کی میں اور تھا میرا ایک نوکر پس لڑا وہ ایک آدمی سے پس کاٹ کھایا ایک نے

يد الآخر فانتزع المعضوض يده من في العاض فاندر ثنيته

ہاتھ دوسرے کا پس نکالا اوس شخص نے کہ کاٹا گیا تھا ہاتھ اوسکا کاٹنے والے کے مونہ سے پس گرا دیے دانت اوسکے

فسقطت فانطلق الى النبي صلى الله عليه وسلم فاهدر ثنيته وقال ايدع

پس جھڑ پڑے سامنے کے پس گیا وہ طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس معاف کیا حضرت نے بدلا اوسکے دانتوں کا اور فرمایا

يده في فيك تقضمها كالفحل متفق عليه وعن عبد الله بن عمرو قال

ہاتھ اپنا تیرے مونہ میں کہ تو چباتا تو اوسکو مانند چبانے اونٹ کے متفق علیہ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ کہا

سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من قتل دون ماله فهو شهيد

سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو شخص کہ قتل کیا جاوے واسطے مال اپنی کے پس وہ شہید ہے

متفق عليه وعن ابي هريرة قال جاء رجل فقال يا رسول الله ارأيت

متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا آیا ایک شخص اور کہا یا رسول اللہ خبر دو مجکو اوسکی

ان جاء رجل يريد اخذ مالي قال فلا تعطه مالك قال ارأيت ان

کہ اگر آوے ایک شخص ارادہ رکھتا ہو لینے مال میرے کا فرمایا پس نہ دے تو اوسکو مال اپنا کہا اوسنے خبر دیجیے مجکو کہ اگر

قاتلني قال قاتله قال ارأيت ان قتلني قال فانت شهيد قال ارأيت

لڑے مجھسے فرمایا لڑ تو اوس سے کہا اوسنے خبر دیجیے مجکو اسکی کہ اگر مار ڈالے مجکو فرمایا پس تو شہید ہے کہا اوسنے خبر دیجیے مجکو اسکی

اِنْ قَتَلْتَهٗ قَالَ هُوَ فِي النَّارِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ

اگر مین مار ڈالون اوسکو فرمایا کہ وہ دوزخ مین ہی نقل کی یہ مسلم نے - اور روایت ہی ابی ہریرہ سے کہ اونہون نے سنا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَوِ اطَّلَعَ فِيْ بَيْتِكَ اَحَدٌ وَلَمْ تَاْذَنْ لَهٗ فَخَذَفْتَهٗ

صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تہے اگر جہانکے تیرے گہر مین کوئی اور نہین پروانگی دی ہی تونے اوسکو پس پہینکی تو اوسکو

بِحَصَاةٍ فَفَقَاْتَ عَيْنَهٗ مَا كَانَ عَلَيْكَ مِنْ جُنَاحٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

ساتہ کنکری کے پس پہوڑ دی تو آنکہہ اوسکی نہین کچہہ گناہ متفق علیہ اور روایت ہی

سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ فِيْ جُحْرٍ فِيْ بَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَ

سہل بن سعد سے یہ کہ ایک شخص نے جہانکا بیچ سوراخ دروازہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يَحُكُّ بِهٖ رَاْسَهٗ فَقَالَ لَوْ اَعْلَمُ اَنَّكَ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پشت خار تہا کہ کہجلاتے تہے اوس سے سر اپنا پس فرمایا اگر جانتا مین کہ تو

تَنْظُرُنِيْ لَطَعَنْتُ بِهٖ فِيْ عَيْنِكَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِسْتِئْذَانُ مِنْ اَجْلِ الْبَصَرِ

دیکہتا ہی مجہکو البتہ چبہوتا مین اوسکو تیری آنکہہ مین نہین مقرر کی گئی ہی شرع مین پروانگی مانگنی مگر واسطے نظر کرنے کے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ اَنَّهٗ رَاٰى رَجُلًا يَخْذِفُ فَقَالَ

متفق علیہ - اور روایت ہی عبد اللہ بن مغفل سے یہ کہ دیکہا اونہون نے ایک شخص کو کہ پہینکتا تہا کنکر پس کہا اونہون نے

لَا تَخْذِفْ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْخَذْفِ وَقَالَ اِنَّهٗ لَا

کہ نہ پہینک تو کنکر اسلیئے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہی اس طرح کنکر پہینکنے سے اور فرمایا کہ تحقیق نہین

يُصَادُ بِهٖ صَيْدٌ وَلَا يُنْكَاُ بِهٖ عَدُوٌّ وَلٰكِنَّهَا قَدْ تَكْسِرُ السِّنَّ وَتَفْقَاُ الْعَيْنَ

شکار کیا جاتا ہے ساتہ اسکے اور نہ زخمی کیا جاتا ہی ساتہ اسکے دشمن ولیکن یہ پہینکنا توڑ ڈالتا ہی دانت کو اور پہوڑ دیتا ہی آنکہ کو

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے - اور روایت ہی ابی موسے سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

اِذَا مَرَّ اَحَدُكُمْ فِيْ مَسْجِدِنَا وَفِيْ سُوْقِنَا وَمَعَهٗ نَبْلٌ فَلْيُمْسِكْ عَلٰى

جسوقت کہ گذرے ایک تمہارا بیچ مسجد ہماری کے یا بیچ بازار ہماری کے اور ساتہ اوسکے ہوون تیر پس چاہیے کہ ہاتہ رکہے

نِصَالِهَا اَنْ يُّصِيْبَ اَحَدًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْهَا بِشَيْءٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اونکی پیکان پر اسلیئے کہ نہ لگے کسیکو مسلمانون مین سے اونسے کچہہ نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے -

وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یشیر احدکم علی

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ اشارہ کرے ایک تمہارا اوپر

اخیہ بالسلاح فانہ لا یدری لعل الشیطان ینزع فی یدہ فیقع

بھائی اپنے کے ساتھ ہتھیار کے اسلیے کہ تحقیق وہ نہیں جانتا شاید کہ شیطان کھینچ لے ہتھیار کو اوسکے ہاتھ سے پس جا پڑے

فی حفرۃ من النار متفق علیہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

بیچ گڑھے آگ کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

من اشار الی اخیہ بحدیدۃ فان الملئکۃ تلعنہ حتی یضعہا

جو شخص کہ اشارہ کرے طرف بھائی اپنے کے ساتھ لوہے کے پس تحقیق فرشتے لعنت کرتے ہیں اوسکو یہاں تک کہ رکھدے اوسکو

وان کان اخاہ لابیہ وامہ رواہ البخاری وعن ابن عمر وابی ہریرۃ

اگرچہ ہو بھائی اوسکا حقیقی نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابن عمر اور ابی ہریرہ سے

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من حمل علینا السلاح فلیس منا رواہ البخاری و

کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہ اوٹھاوے ہمپر ہتھیار پس نہیں ہم میں سے نقل کی یہ بخاری نے اور

زاد مسلم ومن غشنا فلیس منا وعن سلمۃ بن الاکوع قال قال رسول

زیادہ کیا مسلم نے اور جو شخص کہ دغا کرے ہمکو پس نہیں ہم میں سے۔ اور روایت ہے سلمہ بن اکوع سے کہ کہا فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من سل علینا السیف فلیس منا رواہ مسلم وعن

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ کھینچے ہم پر تلوار پس نہیں وہ ہم میں سے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے

ہشام بن عروۃ عن ابیہ ان ہشام بن حکیم مر بالشام علی اناس من

ہشام بن عروہ سے کہ نقل کی اپنے باپ سے یہ کہ ہشام بن حکیم گذرا شام میں اوپر کتنے آدمیوں کے

الانباط وقد اقیموا فی الشمس وصب علی رؤسہم الزیت فقال ما

قوم نبطیوں میں سے اس حال میں کہ تحقیق وہ کھڑے کیے گئے تھے دھوپ میں اور ڈالا گیا اونکے سروں پر تیل گرم کر کر پس کہا ہشام بن حکیم نے

ہذا قیل یعذبون فی الخراج فقال ہشام اشہد لسمعت رسول اللہ

یہہ کیا ہے کہا گیا عذاب کیے جاتے ہیں یہ لوگ بسبب خراج کے پس کہا ہشام نے گواہی دیتا ہوں میں کہ البتہ سنا میں نے رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان اللہ یعذب الذین یعذبون الناس فی الدنیا رواہ

صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ تحقیق اللہ تعالی عذاب کریگا اون لوگوں کو کہ وہ عذاب کرتے ہیں لوگوں کو دنیا میں نقل کی

مسلم وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوشک ان طالت

مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قریب ہے اگر دراز ہووے

بک مدۃ ان تری قوما فی ایدیہم مثل اذناب البقر یغدون فی غضب

تیری مدت عمر یہ کہ دیکھیگا تو ایک گروہ کو کہ اونکے ہاتھو نمین ہونگے سلہ مانند دمون گایون کے صبح کرینگے بیچ غضب

اللہ ویروحون فی سخط اللہ وفی روایۃ ویروحون فی لعنۃ اللہ رواہ مسلم

اللہ کے اور شام کرینگے بیچ نہایت ناخوشی اللہ کے اور ایک روایت میں ہے اور شام کرینگے بیچ لعنت اللہ کے نقل کیا اسکو مسلم نے

وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صنفان من اہل النار لم ارہما

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سلہ دو گروہ ہین دوزخیون سے نہین دیکھا مینے انکو

قوم معہم سیاط کاذناب البقر یضربون بہا الناس ونساء کاسیات

ایک ان مین سے وہ ہین کہ انکے پاس کوڑے ہونگے مانند دمون گایو نکی مارینگے ساتھ اون کے لوگون کو اور دوسری قسم عورتین ہین پہنے ہوئی

عاریات ممیلات مائلات رؤسہن کاسنمۃ البخت المائلۃ لا یدخلن

اور ننگی ہین حقیقت مین اور میل کرواویان اور میل کرنیوالیان سر انکے مانند کوہان اونٹون بختی کے جھکے ہوئے نہین داخل ہونگی

الجنۃ ولا یجدن ریحہا وان ریحہا لتوجد من مسیرۃ کذا وکذا رواہ

بہشت مین اور نہین پاوینگی بو اوسکی حالانکہ بو جنت کی پائی جاتی ہے سلہ مسافت اتنی اور اتنی سے نقل کی یہ

مسلم وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قاتل احدکم

مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سلہ جسوقت کہ لڑے ایک تمہارا

فلیجتنب الوجہ فان اللہ خلق آدم علی صورتہ متفق علیہ الفصل

پس چاہیے کہ بچا وے مونھہ کو اسلیے کہ تحقیق اللہ تعالی نے پیدا کیا آدم کو سلہ اوپر صورت اپنی کے متفق علیہ ۔ فصل

الثانی عن ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کشف سترا

دوسری روایت ہے ابی ذر رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ کھولے پردہ

فادخل بصرہ فی البیت قبل ان یؤذن لہ فرای عورۃ اہلہ فقد اتی

اور داخل کرے اپنی نگاہ گھر مین پہلے اس سے کہ سلہ اذن دیا جاوے اوسکو پس دیکھا اہل اوسکی کو پس تحقیق آیا

حدا لا یحل لہ ان یاتیہ ولو انہ حین ادخل بصرہ فاستقبلہ رجل

سلہ ایک حد کو نہین درست اوسکو سلہ کرنا اوسکا اور اگر تحقیق داخل کی اوسنے اپنی نگاہ اور سامنے آگیا اوسکے کوئی شخص گھر

موسو اسکے کہ صورتہ کی ضمیر اللہ تعالی کے طرف پہیری جاوے

فَفَقَأَ عَيْنَهُ مَا عَيَّرْتُ عَلَيْهِ وَإِنْ مَرَّ الرَّجُلُ عَلَى بَابٍ لَا سِتْرَ لَهُ غَيْرَ

پس پھوڑ ڈالے آنکھ اوسکی سو نہیں سرزنش کرونگا میں اوسپر اور اگر گذری مرد دروازے پر کہ نہیں پردہ اوسکے لیے علاوہ

مُغْلَقٍ فَنَظَرَ فَلَا خَطِيئَةَ عَلَيْهِ إِنَّمَا الْخَطِيئَةُ عَلَى أَهْلِ الْبَيْتِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

کہ بند نہیں کیا گیا ہے وہ پس جا پڑے نظر اوسکی گھروالوں پر پس نہیں گناہ اوسپر سوا اسکے نہیں کہ گناہ گھروالوں پر ہے نقل کی

وَقَالَ هَذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور کہا یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہی جابر سے کہا منع کیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

أَنْ يُتَعَاطَى السَّيْفُ مَسْلُولًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَعَنِ الْحَسَنِ

پکڑنے تلوار کے سے ننگی کرکر نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے۔ اور روایت ہی حسن سے

عَنْ سَمُرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يُقَدَّ السَّيْرُ بَيْنَ إِصْبَعَيْنِ

کہ نقل کیا سمرہ سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا اس سے کہ چیرا جاوے تسمہ درمیان دونو انگلیوں کے

رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ

نقل کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہی سعید بن زید سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص

قُتِلَ دُونَ دِينِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ وَمَنْ قُتِلَ دُونَ دَمِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ وَمَنْ

کہ مارا جاوے واسطے محافظت دین اپنے کی پس وہ شہید ہے اور جو شخص کہ مارا جاوے واسطے محافظت جان اپنی کی پس وہ شہید ہے اور جو شخص

قُتِلَ دُونَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ وَمَنْ قُتِلَ دُونَ أَهْلِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ رَوَاهُ

کہ مارا جاوے واسطے محافظت مال اپنے کی پس وہ شہید ہے اور جو شخص کہ مارا جاوے واسطے محافظت اہل اپنے کی پس وہ شہید ہے نقل کی یہ

التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہی ابن عمر رض سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا

عُنُقِهَا مِثْلُهَا مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَأَيُّمَا امْرَأَةٍ جَعَلَتْ فِي أُذُنِهَا خُرْصًا

اوسکی گردن میں مانند اوسکے آگ سے دن قیامت کے اور جو عورت ڈالے اپنے کان میں بالی یا بالا

مِنْ ذَهَبٍ جَعَلَ اللّٰهُ فِي أُذُنِهَا مِثْلَهُ مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُد

سونے کا ڈالے گا اللہ تعالیٰ اوسکے کانمین سلے مانند اوسکی آگ سے دن قیامت کے روایت کی یہ ابو داؤد

وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ أُخْتٍ لِحُذَيْفَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا

اور نسائی نے۔ اور روایت ہی بہن سے حذیفہ رض کی یہ کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے

مَعْشَرَ النِّسَاءِ أَمَا لَكُنَّ فِي الْفِضَّةِ مَا تُحَلِّيْنَ بِهِ أَمَا إِنَّهُ لَيْسَ مِنْكُنَّ امْرَأَةٌ

جماعت عورتون کی کیا نہیں ہے واسطے تمہارے بیچ چاندی کے وہ چیز کہ زیور بناؤ تم ساتھ اوسکے خبردار تحقیق نہیں ہے کوئی عورت

تُحَلَّى ذَهَبًا تُظْهِرُهُ إِلَّا عُذِّبَتْ بِهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُد وَالنَّسَائِيُّ الْفَصْلُ

کہ زیور بنائے سونیکا کہ ظاہر کرے اوسکو مگر عذاب کیجاویگی بسبب اوسکے روایت کی یہ ابو داؤد اور نسائی نے۔ فصل

الثَّالِثُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْنَعُ

تیسری۔ روایت ہی عقبہ بیٹے عامر رض کے سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم تھے منع فرماتے

أَهْلَ الْحِلْيَةِ وَالْحَرِيرِ وَيَقُولُ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ حِلْيَةَ الْجَنَّةِ وَحَرِيرَهَا

زیوروالون اور حریر والون کو اور فرماتے کہ اگر تم دوست رکھتے ہو زیور جنت کو اور حریر جنت کو

فَلَا تَلْبَسُوهَا فِي الدُّنْيَا رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

پس نہ پہنو انکو دنیا مین روایت کی یہ نسائی نے۔ اور روایت ہی ابن عباس رض سے کہ تحقیق رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّخَذَ خَاتَمًا فَلَبِسَهُ قَالَ شَغَلَنِي هٰذَا عَنْكُمْ مُنْذُ الْيَوْمِ إِلَيْهِ

صلے اللہ علیہ وسلم نے بنوائی ایک انگشتری پس پہنا اوسکو فرمایا مشغول کیا مجکو اسنے تمسے آجکے دن طرف اوسکے

نَظْرَةٌ وَإِلَيْكُمْ نَظْرَةٌ ثُمَّ أَلْقَاهُ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَعَنْ مَالِكٍ قَالَ أَنَا أَكْرَهُ

دیکھنا ایک دفعہ اور طرف تمہاری دیکھنا ایک دفعہ پھر پھینکدیا اوسکو روایت کی یہ نسائی نے۔ اور روایت ہی مالک رح سے کہا مین مکروہ

أَنْ يَلْبَسَ الْغِلْمَانُ شَيْئًا مِنَ الذَّهَبِ لِأَنَّهُ بَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

یہ کہ پہنائے جاوین لڑکے کچھ بھی سونے سے اسواسطے کہ پہنچا ہے مجکو یہ کہ رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ التَّخَتُّمِ بِالذَّهَبِ فَأَنَا أَكْرَهُهُ لِلرِّجَالِ الْكَبِيرِ مِنْهُمْ وَالصَّغِيرِ رَوَاهُ

علیہ وسلم نے منع فرمایا استعمال کرنے انگشتری سونیکی سے پس مین مکروہ رکھتا ہون واسطے مردونکے بڑے ہون اونمین سے یا چھوٹے

فِي الْمُوَطَّأِ بَابُ النِّعَالِ الْفَصْلُ الْأَوَّلُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ

مالک نے موطا مین۔ باب بیچ بیان پاپوشونکے فصل پہلی روایت ہی ابن عمر رض سے کہا

رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يلبس النعال التي ليس فيها شعر رواه البخاري

دیکھا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنتے تھے ایسی پاپوش کہ نہ تھے اوس میں بال روایت کی یہ بخاری نے

وعن انس قال ان نعل النبي صلى الله عليه وسلم كان لها قبالان رواه البخاري و

اور روایت ہے انس رضی اللہ سے کہ کہا تحقیق پاپوش نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تھی دو تسمے روایت کی یہ بخاری نے اور

عن جابر قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم في غزوة غزاها يقول استكثروا

روایت ہے جابر رض سے کہ کہا سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک غزوے میں کہ غزوہ کیا اوسکو فرمایا بہت لیلو تم

من النعال فان الرجل لا يزال راكبا ما انتعل رواه مسلم وعن ابي هريرة

پاپوشیں اسواسطے کہ مرد ہمیشہ مانند سوار کے ہے جب تک کہ پاپوش پہنے رہتا ہے نقل کی مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا انتعل احدكم فليبدأ باليمنى واذا نزع

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ پہنے ایک تمہارا پاپوش پس چاہیے کہ شروع کرے ساتھ داہنے پانو کے اور جسوقت

فليبدأ بالشمال لتكن اليمنى اولهما تنعل وآخرهما تنزع متفق عليه

پس چاہیے کہ شروع کرے ساتھ بائیں طرف کے چاہیے کہ ہووے داہنا پانوں پہلا پہننے میں اور آخر ہووے اتارنے میں روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يمشي احدكم في نعل واحدة

اور روایت ہے انہیں سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ چلے ایک تمہارا ایک پاپوش میں

ليحفهما جميعا او لينعلهما جميعا متفق عليه وعن جابر قال قال رسول

چاہیے کہ ننگا کرے دونوں پانو کو یا پاپوش پہنے دونوں میں متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم اذا انقطع شسع نعله فلا يمش في نعل واحدة حتى يصلح

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ ٹوٹ جاوے تسمہ کسیکی پاپوش کا پس نہ چلے ایک پاپوش میں یہانتک کہ درست کرے

شسعه ولا يمش في خف واحد ولا يأكل بشماله ولا يحتبي بالثوب

تسمہ اوسکا اور نہ چلے ایک موزہ میں اور نہ کہاوے بائیں ہاتھ سے اور نہ گوٹ مارے ساتھ ایک کپڑے کے

الواحد ولا يلتحف الصماء رواه مسلم

اور نہ اوڑھے کپڑے کو اس طرح سے کہ لپیٹا ہوا ہو تمام بدن پر روایت کی یہ مسلم نے۔

## الفصل الثاني

فصل دوسری۔

عن ابن عباس قال كان لنعل رسول الله صلى الله عليه وسلم قبالان مثنى شراكهما رواه

روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا تھے واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے دو تسمے دوہرے تسمہ اونکے روایت کی یہ

... اور کبھی کپڑا چھوٹا ہوتا ہے تو سامنے سے ستر کھلجاتا ہے اسلیے منع ہوا ١٢

الترمذی وعن جابر قال نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم ان ینتعل الرجل قائما

ترمذی نے ۔ اور روایت ہے جابر رضی سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ پاپوش پہنے آدمی کھڑے ہوکر

رواه ابو داود ورواه الترمذی وابن ماجة عن ابی هریرة وعن

روایت کی یہ ابوداؤد نے اور روایت کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے ابی ہریرہ رضی سے ۔ اور روایت ہے

القاسم بن محمد عن عائشة قالت ربما مشی النبی صلی الله علیه وسلم فی نعل واحدة

قاسم بن محمد سے اونہنے روایت کی عائشہ رضی سے کہ کہا بعضے وقت چلتے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک پاپوش میں

وفی روایة انها مشت بنعل واحد رواه الترمذی وقال هذا اصح

اور ایک روایت میں یوں ہے کہ تحقیق عائشہ چلیں ایک پاپوش میں روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ صحیح تر ہے

وعن ابن عباس قال من السنة اذا جلس الرجل ان یخلع نعلیه فیضعهما

اور روایت ہے ابن عباس رضی سے کہا تحقیق سنت سے ہے جس وقت کہ بیٹھے آدمی یہ کہ ڈالے پاپوش اپنی اور رکھے انکو

بجنبه رواه ابو داود وعن ابن بریدة عن ابیه ان النجاشی اهدی

اپنے پہلو کی طرف روایت کی یہ ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے ابن بریدہ رضی سے کہ نقل کی اپنے باپ سے یہ کہ نجاشی نے بطور تحفہ کے بھیجے

الی النبی صلی الله علیه وسلم خفین اسودین ساذجین فلبسهما رواه ابن ماجة و

طرف نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے دو موزے سیاہ سادے پس پہنا حضرت نے انکو روایت کی یہ ابن ماجہ نے

زاد الترمذی عن ابن بریدة عن ابیه ثم توضأ ومسح علیهما باب الترجل

زیادہ کیا ترمذی نے ابن بریدہ سے اور اونے اپنے باپ سے کہ پھر وضو کیا حضرت نے اور مسح کیا اوپر انکے باب بیچ بیان کنگھی کرنے کے

الفصل الاول عن عائشة قالت کنت ارجل راس رسول الله صلی

فصل پہلی ۔ روایت ہے عائشہ رضی سے کہ کہا تھی میں کنگھی کرتی سر مبارک رسول خدا صلے اللہ

علیه وسلم وانا حائض متفق علیه وعن ابی هریرة قال قال رسول الله

علیہ وسلم کے میں اور تھیں میں حائضہ ہوتی متفق علیہ ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی سے کہا فرمایا رسول خدا

صلی الله علیه وسلم الفطرة خمس الختان والاستحداد وقص الشارب وتقلیم

صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ پیدائشی پانچ چیزیں ہیں ختنہ کرنا اور بال زیر ناف کے لینے اور لبیں کتروانا اور ترشوانا

الاظفار ونتف الابط متفق علیه وعن ابن عمر قال قال رسول الله

ناخونونکا اور اکھیڑنا بغلونکے بالونکا متفق علیہ ۔ اور روایت ہے ابن عمر رضی سے کہا فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم خالفوا المشركين اوفروا اللحى واحفوا الشوارب وفي رواية انهكوا

صلے اللہ علیہ وسلم نے مخالفت کرو مشرکوں کی بڑھاؤ داڑھیاں اور پست کرو لبیں اور ایک روایت میں ہے خوب پست کرو

الشوارب واعفوا اللحى متفق عليه وعن انس قال وقت لنا في قص الشارب وتقليم

لبیں اور چھوڑ دو داڑھیاں متفق علیہ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا معین کیا گیا واسطے ہمارے بیچ کترواے لبوں کے اور ترشوانے

الاظفار ونتف الابط وحلق العانة ان لا نترك اكثر من اربعين ليلة

ناخونوں کے اور دور کرنا بال بغلوں کے اور مونڈنے بال زیر ناف کے یہ کہ چھوڑیں ہم زیادہ چالیس رات سے

رواه مسلم وعن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ان اليهود

روایت کی مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق یہود

والنصارى لا يصبغون فخالفوهم متفق عليه وعن جابر قال اتي بابي

و نصاریٰ نہیں خضاب کرتے ہیں پس مخالفت کرو انکی متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر رض سے کہا لائے گئے ابی

قحافة يوم فتح مكة وراسه ولحيته كالثغامة بياضا فقال النبي صلى الله

قحافہ دن فتح مکہ کے اور سر اونکا اور داڑھی اونکی مانند ثغامہ کے تھی سفیدی میں پس فرمایا نبی صلی اللہ

عليه وسلم غيروا هذا بشيء واجتنبوا السواد رواه مسلم وعن ابن

علیہ وسلم نے تغیر کرو انکی سفیدی کو ساتھ کسی چیز کے اور بچو رنگ سیاہ سے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابن

عباس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يحب موافقة اهل الكتاب فيما لم يؤمر

عباس رض سے کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دوست رکھتے موافقت اہل کتاب کے بیچ اوس چیز کے کہ نہیں حکم

فيه وكان اهل الكتاب يسدلون اشعارهم وكان المشركون يفرقون

اوسمیں اور تھے اہل کتاب چھوڑتے اپنے بالوں کو اور تھے مشرک مانگ نکالتے

رؤسهم فسدل النبي صلى الله عليه وسلم ناصيته ثم فرق بعد متفق عليه

اپنے سروں میں پس چھوڑتے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بال اپنی پیشانی کے بطور اہل کتاب کے پھر مانگ نکالنے لگے پیچھے اسکے متفق علیہ

وعن نافع عن ابن عمر قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم ينهى عن القزع قيل

اور روایت ہے نافع رض سے کہ نقل کی ابن عمر رض سے کہا ابن عمر نے سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو منع فرماتے قزع سے کہا گیا

لنافع ما القزع قال يحلق بعض راس الصبي ويترك البعض متفق عليه

واسطے نافع کے کہ کیا ہے قزع کہا کہ مونڈا جاوے کچھ سر لڑکے کا اور چھوڑا جاوے کچھ نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے

وألحق بعضهم التفسير بالحديث وعن ابن عمر أن النبي صلى الله عليه وسلم رأى

اور ملا دیا بعض راویوں نے تفسیر کو ساتھ حدیث کے۔ اور روایت ہے ابن عمر رضی سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا

صبيا قد حلق بعض رأسه وترك بعضه فنهاهم عن ذلك وقال احلقوا

ایک لڑکے کو تحقیق مونڈا گیا تھا بعض سر اوسکا اور چھوڑا گیا تھا بعض سر اوسکا پس منع فرمایا انکو اس سے اور فرمایا کہ مونڈو

كله أو اتركوا كله رواه مسلم وعن ابن عباس قال لعن النبي صلى الله عليه وسلم المخنثين

تمام سر اوسکا یا چھوڑو تمام سر روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابن عباس رضی سے کہا لعنت کی نبی صلعم نے مخنثوں کو

من الرجال والمترجلات من النساء وقال أخرجوهم من بيوتكم رواه البخاري وعنه

مردوں میں سے اور ان عورتوں کو جو مشابہ ہوتی ہیں ساتھ مردوں کے اور فرمایا کہ نکالدو مخنثوں کو اپنے گھروں سے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور انہیں سے روایت ہے

قال قال النبي صلى الله عليه وسلم لعن الله المتشبهين من الرجال بالنساء والمتشبهات

کہ کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت کی اللہ تعالی نے مشابہت کرنیوالے مردوں کو ساتھ عورتوں کے اور مشابہت

من النساء بالرجال رواه البخاري وعن ابن عمر أن النبي صلى الله عليه وسلم قال لعن الله

عورتوں کو ساتھ مردوں کے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابن عمر رضی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لعنت کی اللہ تعالی نے

الواصلة والمستوصلة والواشمة والمستوشمة متفق عليه وعن

اور عورت کو کہ ملا دے بال اپنے ساتھ بالوں اور عورت کے اور ملوانے والی اپنے بالوں کو ساتھ اور کے بال کے اور گودنے والی کو اور گدوانے والی کو متفق علیہ۔ اور روایت ہے

عبد الله بن مسعود قال لعن الله الواشمات والمستوشمات والمتنمصات

عبد اللہ بن مسعود رضی سے کہ کہا لعنت کی اللہ تعالی نے گودنے والیوں کو اور گدوانے والیوں کو اور ان عورتوں کو کہ چنتی ہیں بال منہ پر سے اور

والمتفلجات للحسن المغيرات خلق الله فجاءته امرأة فقالت إنه بلغني أنك لعنت

کشادہ کرنے والیوں کو دانتوں کو واسطے حسن کے تغیر کرنے والیاں ہیں پیدائش اللہ کی پس آئی ابن مسعود کے پاس ایک عورت اور کہا کہ تحقیق شان یہ ہے

كيت وكيت فقال ما لي لا ألعن من لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم ومن هو

ایسی اور ایسی پس کہا ابن مسعود نے کہ کیا ہے مجکو کہ لعنت نہ کروں اوسکو لعنت کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور اوسکو کہ وہ

في كتاب الله فقالت لقد قرأت ما بين اللوحين فما وجدت فيه ما

بیچ کتاب اللہ کے پس کہا اس عورت نے کہ تحقیق پڑھا میں نے اوس چیز کو کہ درمیان دو دفتیوں کے ہے پس نہ پایا میں نے اوس میں جو

تقول قال لئن كنت قرأتيه لقد وجدتيه أما قرأت ما آتاكم الرسول

کہتے ہو کہا ابن مسعود نے اگر پڑھتی تو اوسکو تو البتہ پاتی تو اس حکم کو کیا نہیں پڑھی تو نے یہ آیت کہ جو دیں تمکو رسول

فخذوه وما نهيتكم عنه فانتهوا قالت بلى قال فانه قد نهى عنه متفق

پس عمل کرو اوسپر اور جس چیز سے کہ منع کریں تمکو پس باز رہو کہا عورت نے کہ ہاں کہا ابن مسعود نے پس تحقیق حضرت صلعم نے منع کیا ہے

عليه وعن ابى هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم العين حق ونهى

علیہ - اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تاثیر نظر حق ہے اور منع کیا

عن الوشم رواه البخاري وعن ابن عمر قال لقد رأيت رسول الله

گودنے سے روایت کی یہ بخاری نے - اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا تحقیق دیکھا میں نے رسول خدا

صلى الله عليه وسلم ملبدا رواه البخاري وعن انس قال نهى النبي صلى الله عليه وسلم

صلے اللہ علیہ وسلم کو سر تلبید روایت کی یہ بخاری نے - اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا منع کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

ان يتزعفر الرجل متفق عليه وعن عائشة قالت كنت اطيب النبي صلى

اس سے کہ زعفران ملے مرد متفق علیہ - اور روایت ہے حضرت عائشہ رض سے کہ کہا تھی میں خوشبو لگاتی نبی صلی

الله عليه وسلم باطيب ما نجد حتى اجد وبيص الطيب في رأسه ولحيته متفق عليه

اللہ علیہ وسلم کو ساتھ بہترین خوشبو کے کہ پاتی میں یہاں تک کہ پاتی میں چمک خوشبو کی حضرت صلعم کے سر میں اور داڑھی میں متفق علیہ

وعن نافع قال كان ابن عمر اذا استجمر استجمر بالالوة غير مطراة وبكافور

اور روایت ہے نافع رض سے کہ کہا تھے ابن عمر رض جس وقت کہ دہونی لیتے خوشبو کی دہونی لیتے اگر کی بغیر ملونی اشکی غیرہ کے اور دہونی لیتے کافور

يطرحه مع الالوة ثم قال هكذا كان يستجمر رسول الله صلى الله عليه وسلم رواه مسلم

کو ڈالتے اسکو ساتھ اگر کے پہر کہا ابن عمر نے کہ اسطرح سے دہونی لیتے تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم روایت کی یہ مسلم نے

الفصل الثاني عن ابن عباس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يقص

فصل دوسری - روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کترتے

او يأخذ من شاربه وكان ابراهيم خليل الرحمن يفعله رواه الترمذي

یا لیتے لبیں اپنی اور تھے ابراہیم دوست خدا کے کرتے یہہ روایت کی یہ ترمذی نے -

وعن زيد بن ارقم ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من لم يأخذ من

اور روایت ہے زید بن ارقم رض سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کہ نہ لیوے

شاربه فليس منا رواه احمد والترمذي والنسائي وعن عمرو بن شعيب

لبیں اپنی پس نہیں ہم میں سے روایت کی یہ احمد اور ترمذی اور نسائی نے - اور روایت ہے عمرو بن شعیب رض سے

اور روایت صحیحین میں ابن عمر رض سے مرفوعا گذرا کہ مشرکوں کی مخالفت کرو داڑھیاں بڑھاؤ اور لبیں کترواؤ اور اسی حدیث میں مشرکین کی

عن أبيه عن جده أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يأخذ من لحيته من عرضها

اور نقل کی اپنے باپ سے اونہوں نے اپنے دادا سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے لیتے ڈاڑھی اپنی سے اوسکے عرض میں سے

وطولها رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن يعلى

اور طول میں سے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے - اور روایت ہے یعلی

ابن مرة أن النبي صلى الله عليه وسلم رأى عليه خلوقا فقال ألك امرأة قال لا

بن مرہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھی یعلی پر خلوق پس فرمایا کیا تیرے لیے بیوی ہے کہا نہیں

قال فاغسله ثم اغسله ثم اغسله ثم لا تعد رواه الترمذي والنسائي

فرمایا پس دھو ڈال اوسکو پھر دھو اوسکو پھر دھو اوسکو پھر نہ استعمال کرنا اوسکو روایت کی یہ ترمذی اور نسائی نے

وعن أبي موسى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يقبل الله صلوة

اور روایت ہے ابی موسیٰ رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں قبول کرتا اللہ تعالیٰ نماز

رجل في جسده شيء من خلوق رواه أبو داود وعن عمار بن ياسر

اوس شخص کی کہ ہو اوسکے بدن میں کچھ سے خلوق سے روایت کی یہ ابو داود نے - اور روایت ہے عمار بن یاسر رضہ سے

قال قدمت على أهلي من سفر وقد تشققت يداي فخلقوني بزعفران

کہا آیا میں گھر کے لوگوں پاس سفر سے اس حالمیں کہ پھٹ گئے تھے دونوں ہاتھ میرے پس لیپ کیا انہوں نے میرے اوپر زعفران

فغدوت على النبي صلى الله عليه وسلم فسلمت عليه فلم يرد علي وقال اذهب

پس آیا میں صبح کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس سلام کیا میں نے حضرت کو پس نہ جواب دیا مجھکو اور فرمایا جا

فاغسل هذا عنك رواه أبو داود وعن أبي هريرة قال قال رسول

اور دھو ڈال اسکو اپنے بدن سے روایت کی یہ ابو داود نے - اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا فرمایا پیغمبر

الله صلى الله عليه وسلم طيب الرجال ما ظهر ريحه وخفي لونه وطيب النساء

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خوشبوئی مرد کی وہ ہے کہ ظاہر ہو بو اوسکی اور پوشیدہ ہو رنگ اوسکا اور خوشبوئی عورت کی

ما ظهر لونه وخفي ريحه رواه الترمذي والنسائي وعن أنس قال

وہ ہے کہ ظاہر ہو رنگ اوسکا اور پوشیدہ ہو بو اوسکی روایت کی یہ ترمذی اور نسائی نے - اور روایت ہے انس رضہ سے کہا

كانت لرسول الله صلى الله عليه وسلم سكة يتطيب منها رواه أبو داود وعنه

تھی واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سکہ خوشبوئی لگاتے تھے اوس میں سے روایت کی یہ ابو داود نے - اور روایت ہے انس

قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ دُهْنَ رَأْسِهٖ وَتَسْرِيْحَ لِحْيَتِهٖ وَيُكْثِرُ

کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم استعمال کرتے تیل اپنے سر مبارک پر اور بہت کرتے کنگھی اپنی ڈاڑھی کو اور بہت

الْقِنَاعَ كَاَنَّ ثَوْبَهٗ ثَوْبُ زَيَّاتٍ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ اُمِّ هَانِئٍ

رکھتے تھے کپڑا سر پر گویا وہ کپڑا حضرت ص کا کپڑا تھا تیلی کا نقل کی یہ شرح السنہ میں۔ اور روایت ہے ام ہانی رضہ سے

قَالَتْ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا بِمَكَّةَ قَدْمَةً وَلَهٗ اَرْبَعُ غَدَائِرَ

کہ کہا ام ہانی نے آئے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم اوپر ہمارے مکہ میں ایک دفعہ اور آنحضرت کی چار لٹ گیسو تھیں

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

روایت کی یہ احمد اور ابوداؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہ کہا

اِذَا فَرَقْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهٗ صَدَعْتُ فَرْقَهٗ عَنْ يَافُوْخِهٖ وَ

جس وقت کہ مانگ نکالتی میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک کے بالوں میں چیرتی میں مانگ اونکی تالو پر سے اور

اَرْسَلْتُ نَاصِيَتَهٗ بَيْنَ عَيْنَيْهِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

چھوڑتی میں بال حضرت ص کی پیشانی کے درمیان دونوں آنکھوں انکی روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے عبداللہ بن

مُغَفَّلٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّرَجُّلِ اِلَّا غِبًّا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

مغفل رضہ سے کہ کہا منع فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کنگھی کرنے سے مگر ایک روز درمیان کر روایت کی یہ ترمذی

وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِفَضَالَةَ

اور ابوداؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے عبداللہ بن بریدہ رضہ سے کہ کہا ایک شخص واسطے فضالہ

ابْنِ عُبَيْدٍ مَالِيْ اَرَاكَ شَعِثًا قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَانَا عَنْ

بن عبید کے کیا ہے واسطے میرے کہ دیکھتا ہوں میں تمکو پراگندہ بال کہا تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم تھے منع کرتے ہمکو

كَثِيْرٍ مِنَ الْاِرْفَاهِ قَالَ مَالِيْ لَا اَرٰى عَلَيْكَ حِذَاءً قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

بہت چیزوں عیش کی باتوں سے کہا اوس شخص نے فضالہ کو کہ کیا ہے مجھکو نہیں دیکھتا تیرے پاؤں میں پاپوش کہا فضالہ نے کہ تھے رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُنَا اَنْ نَحْتَفِيَ اَحْيَانًا رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ

صلے اللہ علیہ وسلم حکم فرماتے ہمکو یہ کہ ننگے پاؤں پھرا کریں کبھی کبھی روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ تحقیق

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ لَهٗ شَعْرٌ فَلْيُكْرِمْهُ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ ہوں واسطے اوسکے بال پس چاہیے کہ اچھی طرح رکھے روایت کی یہ ابوداؤد نے

ہے جب زینت اور تکلف کی نیت نہ ہو اور یہ کہتے ہیں کہ اگر زینت اور تکلف کی نیت نہ ہوگی تو اکہاڑنے سے کیا فائدہ ہوگا ۱۲

[illegible]

وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحْسَنَ مَا غُیِّرَ بِہِ الشَّیْبُ

اور روایت ہے ابی ذرؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بہتر وہ چیز کہ تغیر کرے ساتھ اوسکے

الْحِنَّاءُ وَالْکَتَمُ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

مہندی اور وسمہ ہے روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے ابن عباسؓ سے

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَکُوْنُ قَوْمٌ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ یَخْضِبُوْنَ بِھٰذَا

اونہوں نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا ہوگی ایک قوم اخیر زمانہ میں کہ خضاب کرینگی ساتھ اس

السَّوَادِ کَحَوَاصِلِ الْحَمَامِ لَا یَجِدُوْنَ رَائِحَۃَ الْجَنَّۃِ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ

سیاہی کے مانند پوٹوں کبوتر کے نہ پاوینگی بو جنت کی روایت کی یہ ابوداؤد اور

النَّسَائِیُّ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَلْبَسُ النِّعَالَ السِّبْتِیَّۃَ

نسائی نے ۔ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے پہنتے پاپوش چمڑے دباغت کیے ہوئے

وَیُصَفِّرُ لِحْیَتَہٗ بِالْوَرْسِ وَالزَّعْفَرَانِ وَکَانَ ابْنُ عُمَرَ یَفْعَلُ ذٰلِکَ رَوَاہُ النَّسَائِیُّ

اور زرد رنگتے داڑھی اپنی کو ساتھ ورس کے اور رنگتے ساتھ زعفران کے اور تھے ابن عمرؓ کرتے یہ روایت کی یہ نسائی نے

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ قَدْ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ فَقَالَ مَا اَحْسَنَ ھٰذَا

اور روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ کہا گذرا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک شخص کہ خضاب کیا تھا اوسنے ساتھ مہندی کے پس فرمایا کیا خوب ہے یہ

قَالَ فَمَرَّ اٰخَرُ قَدْ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ وَالْکَتَمِ فَقَالَ ھٰذَا اَحْسَنُ مِنْ ھٰذَا ثُمَّ مَرَّ اٰخَرُ قَدْ

کہا اوسنے پس گذرا ایک شخص کہ خضاب کیا تھا اوسنے ساتھ مہندی اور وسمہ کے پس فرمایا حضرت نے یہ بہتر ہے اس سے پھر گذرا ایک اور شخص

خَضَبَ بِالصُّفْرَۃِ فَقَالَ ھٰذَا اَحْسَنُ مِنْ ھٰذَا کُلِّہٖ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ

خضاب کیے ہوئے تھا ساتھ زردی کے پس فرمایا یہ بہت خوب ہے ان سب سے روایت کی یہ ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے

اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ غَیِّرُوا الشَّیْبَ وَلَا تَشَبَّھُوْا بِالْیَھُوْدِ رَوَاہُ

ابی ہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رنگ تغیر کرو بڑھاپے کو اور نہ مشابہت کرو ساتھ یہود کے روایت کی یہ

التِّرْمِذِیُّ وَرَوَاہُ النَّسَائِیُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَالزُّبَیْرِ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ

ترمذی نے اور روایت کی یہ نسائی نے ابن عمر اور زبیر سے ۔ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے

عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَنْتِفُوا الشَّیْبَ

نقل کی اپنے باپ سے اوسنے اپنے دادا سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مت چنو سفید بالوں کو

[illegible]

فَاِنَّهٗ نُوْرُ الْمُسْلِمِ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْاِسْلَامِ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا حَسَنَةً وَّ

اسلیئے کہ تحقیق بڑھاپا سبب نور ہیت کا ہر مسلمان کو جس شخص کا سفید ہوا ایکبال مسلمانی مین لکھتا ہر اللہ تعو واسطی اوسکی سبب اوسکے

كَفَّرَ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً وَّرَفَعَهٗ بِهَا دَرَجَةً رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ

دور کرتا ہے اوس سے بسبب اوسکے ایکخطا اور بلند کرتا ہو اسکا سبب اوسکو ایک درجہ روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہو کعب بن

مُرَّةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْاِسْلَامِ كَانَتْ لَهٗ نُوْرًا

مرہ رضہ سے اونہو روایت کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہ بوڑھا ہوا بوڑھے ہو نیکر سلام مین ہوتا ہو واسطے اوسکے نور

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَغْتَسِلُ

دن قیامت کے روایت کی یہہ ترمذی اور نسائی نے۔ اور روایت ہو عائشہ رضہ سے کہ کہا تھی مین نہاتی

اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ وَّكَانَ لَهٗ شَعْرٌ فَوْقَ الْجُمَّةِ

مین اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سلہ ایک باسن سے اور تھے حضرت کے بال اوپر سلہ جمہ کے

وَدُوْنَ الْوَفْرَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنِ ابْنِ الْحَنْظَلِيَّةِ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ

اور نیچے وفرہ سے روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہو ابن حنظلیہ رضہ سے کہ ایک شخص ہے صحابیوں مین سے

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَ الرَّجُلُ خُرَيْمٌ الْاَسَدِيُّ لَوْلَا طُوْلُ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھا شخص ہے خریم اسدی اگر نہوتے سلہ لنبے

جُمَّتِهٖ وَاِسْبَالُ اِزَارِهٖ فَبَلَغَ ذٰلِكَ خُرَيْمًا فَاَخَذَ شَفْرَةً فَقَطَعَ بِهَا جُمَّتَهٗ

بال اوسکے اور درازی تہبند اوسکی پس پہونچی یہ خبر خریم کو پس لی اوسنے چھری پس کاٹ ڈالے ساتھ اوسکے بال اپنے

اِلٰى اُذُنَيْهِ وَرَفَعَ اِزَارَهٗ اِلٰى اَنْصَافِ سَاقَيْهِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ

کانون تک اور بلند کیا تہبند اپنا آدھی پنڈلی تک روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے

اَنَسٍ قَالَ كَانَتْ لِيْ ذُؤَابَةٌ فَقَالَتْ لِيْ اُمِّيْ لَا اَجُزُّهَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

انس رضہ سے کہ کہا تھے واسطے میری گیسو پس کہا واسطے میرے مان میری نے نہین کاٹو نگی مین انکو تھے پیغمبر خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُدُّهَا وَيَاْخُذُهَا رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ

صلے اللہ علیہ وسلم سلہ کہینچتے انکو اور پکڑتے انکو روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہو عبد اللہ بن جعفر رضہ سے

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْهَلَ اٰلَ جَعْفَرٍ ثَلٰثًا ثُمَّ اَتَاهُمْ فَقَالَ لَا تَبْكُوْا عَلٰى

کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مہلت دی اولاد جعفر طیار کو تین دن تک پھر آئے اونکے پاس اور فرمایا مت روؤ اوپر

أخي بعد اليوم ثم قال ادعوا لي بني أخي فجيء بنا كأنا أفرخ فقال

بھائی میرے کے بعد آج کے دن کے پھر فرمایا بلاؤ میرے پاس میرے بھتیجوں کو پس لائے گئے ہم گویا کہ ہم چوزے تھے پھر فرمایا

ادعوا لي الحلاق فأمره فحلق رؤوسنا رواه أبو داود والنسائي و

بلاؤ واسطے میرے نائی کو پس حکم کیا اوسکو پس مونڈے ہمارے سر روایت کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے۔ اور

عن أم عطية الأنصارية أن امرأة كانت تختن بالمدينة فقال لها

روایت ہے ام عطیہ انصاریہ رض سے کہ تحقیق ایک عورت تھی کہ ختنہ کرتی مدینہ میں پس فرمایا اوسکو

النبي صلى الله عليه وسلم لا تنهكي فإن ذلك أحظى للمرأة وأحب إلى البعل

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ مبالغہ کر تو بیچ کاٹنے کے پس تحقیق نہ مبالغہ کرنا اوس میں بہت لذت دیتا ہے عورت کو اور محبوب ہے طرف خاوند کے

رواه أبو داود وقال هذا الحديث ضعيف وراويه مجهول وعن

روایت کی یہ ابوداؤد نے اور کہا یہ حدیث ضعیف ہے اور راوی اسکے مجہول ہیں۔ اور روایت ہے

كريمة بنت همام أن امرأة سألت عائشة عن خضاب الحناء فقالت

کریمہ بیٹی ہمام کے سے کہ تحقیق عورت نے پوچھا عائشہ رض سے حکم خضاب کرنے مہندی کا پس کہا عائشہ نے

لا بأس ولكني أكرهه كان حبيبي يكره ريحه رواه أبو داود والنسائي وعن

کچھ مضائقہ نہیں و لیکن میں ناخوش رکھتی ہوں اسکو تھے دوست میرے مکروہ رکھتے بو اوسکی روایت کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے اور

عائشة أن هند ابنت عتبة قالت يا نبي الله بايعني فقال لا أبايعك

عائشہ رض سے کہ تحقیق ہند بیٹی عتبہ کی نے کہا اے نبی اللہ کے بیعت لو مجھسے پس فرمایا نہیں بیعت لیتا میں

حتى تغيري كفيك فكأنهما كفا سبع رواه أبو داود وعنها قالت ومئ

یہاں تک کہ تغیر کرے تو دونوں ہاتھ اپنے کو پس گویا کہ دونوں ہاتھ تیرے ہاتھ درندے کے ہیں روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے عائشہ سے

امرأة من وراء ستر بيدها كتاب إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقبض النبي

ایک عورت نے پس پردہ سے کہ اوسکے ہاتھ میں ایک خط تھا طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس کھینچ لیا ہاتھ نبی

صلى الله عليه وسلم يده فقال ما أدري أيد رجل أو يد امرأة قالت بل يد امرأة

صلے اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ اپنا پس فرمایا کہ نہیں جانتا میں کہ آیا ہاتھ مرد کا ہے یا ہاتھ عورت کا کہا اوس عورت نے بلکہ ہاتھ عورت کا

قال لو كنت امرأة لغيرت أظفارك يعني بالحناء رواه أبو داود و

فرمایا حضرت نے اگر ہو تو عورت البتہ تغیر کرتی ناخن اپنے یعنی ساتھ مہندی کے روایت کی یہ ابوداؤد اور

النسائي وعن ابن عباس قال لعنت الواصلة والمستوصلة والنامصة

نسائی نے۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا لعنت کی گئی بال جوڑنے والی اور جڑوانے والی اور بال چننے والی

والمتنمصة والواشمة والمستوشمة من غير داء رواه ابو داود وعن

اور چنوانے والی اور گودنے والی اور گدوانے والی بغیر بیماری کے روایت کی یہ ابو داؤد نے اور روایت ہے

ابي هريرة قال لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم الرجل يلبس لبسة المرأة

ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا لعنت کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس شخص کو کہ پہنے پہناوا عورت کا سا

والمرأة تلبس لبسة الرجل رواه ابو داود وعن ابن ابي مليكة قال قيل

اور اوس عورت کو کہ پہنے پہناوا مرد کا سا روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے ابن ابی ملیکہ سے کہا کہا گیا

لعائشة ان امرأة تلبس النعل قالت لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم الرجلة

واسطے عائشہ رضی اللہ عنہا کے کہ تحقیق ایک عورت ہے پہنتی ہے پاپوش مردانی سو کہا عائشہ نے لعنت کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مردانی عورتوں کو

من النساء رواه ابو داود وعن ثوبان قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم

مشابہت کرے ساتھ مردوں کے روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے ثوبان سے کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

اذا سافر كان اخر عهده بانسان من اهله فاطمة واول من يدخل

جس وقت سفر کرتے ہوتا آخر عہد اور ملاقات لوگوں کے اہل اونکے سے عہد فاطمہ رضی اللہ عنہا کا اور پہلے اہل اونکی کہ آتے حضرت ص

عليها فاطمة فقدم من غزاة وقد علقت مسحا او سترا على بابها

اونکو پاس فاطمہ پس آئے آنحضرت ص ایک جہاد سے اور حالانکہ لٹکایا تھا فاطمہ نے ٹاٹ یا پردہ اپنے دروازہ پر

وحلت الحسن والحسين قلبين من فضة فقدم فلم يدخل فظنت

اور پہنائے تھے حضرت حسن اور حسین کو دو کڑے چاندی کے پس تشریف لائے آنحضرت ص اور نہ داخل ہوئے پس گمان کیا

ان ما منعه ان يدخل ما رأى فهتكت الستر وفكت القلبين عن

یہ کہ اونکو منع کیا حضرت ص کو داخل ہونے سے وہ جو کہ دیکھا پس پھاڑ ڈالا فاطمہ نے پردہ اور اتار لیے دونوں کڑے

الصبيين وقطعته منهما فانطلقا الى رسول الله صلى الله عليه وسلم يبكيان

دونوں صاحبزادوں کے ہاتھ سے اور توڑ ڈالا ہر ایک کڑے کو ان دونوں کے ہاتھ سے پس گئے دونوں صاحبزادے حضرت ص کے پاس روتے ہوئے

فاخذه منهما فقال يا ثوبان اذهب بهذا الى آل فلان ان هؤلاء

پس لیا حضرت ص نے زیور کو اون دونوں سے اور فرمایا اے ثوبان لیجا اس زیور کو طرف آل فلان کے اسلیے کہ یہ

سو زیور کو طرف آل فلان کے یعنی اپنے گھر ایتیوں کا نام لیا جو محتاج تھے ۱۲

أَهْلِي أَكْرَهُ أَنْ يَأْكُلُوا طَيِّبَاتِهِمْ فِي حَيَاتِهِمُ الدُّنْيَا يَا ثَوْبَانُ اشْتَرِ لِفَاطِمَةَ

اہل بیت میرے ہیں مکروہ رکھتا ہوں میں یہ کہ کھاویں لذائذ اپنی بیچ زندگانی اپنی کے دنیا میں اے ثوبان خرید کر واسطے فاطمہ کے

قِلَادَةً مِنْ عَصَبٍ وَسِوَارَيْنِ مِنْ عَاجٍ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَعَنِ

ایک ہار عصب کا اور خرید کر دو کڑے ہاتھی دانت کے روایت کی یہ احمد اور ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے

ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اكْتَحِلُوا بِالْإِثْمِدِ فَإِنَّهُ يَجْلُو الْبَصَرَ

ابن عباس رض سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سرمہ لگاؤ ساتھ سرمے اصفہانی کے پس تحقیق وہ روشن کرتا ہے بینائی کو

وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ وَزَعَمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ لَهُ مُكْحُلَةٌ يَكْتَحِلُ بِهَا

اور اوگاتا ہے پلکوں بالوں کو اور کہا ابن عباس رض نے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تھی سرمہ دانی سرمہ لگاتے تھے اوس سے

كُلَّ لَيْلَةٍ ثَلَاثَةً فِي هٰذِهِ وَثَلَاثَةً فِي هٰذِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْهُ قَالَ

ہر شب میں تین بار اس آنکھ میں اور تین بار اسمیں روایت کی یہ ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْتَحِلُ قَبْلَ أَنْ يَنَامَ بِالْإِثْمِدِ ثَلَاثًا فِي كُلِّ عَيْنٍ

تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سرمہ لگاتے پہلے سونے کے ساتھ سرمہ اصفہانی کے تین تین دفعہ ہر آنکھ میں

قَالَ وَقَالَ إِنَّ خَيْرَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ اللَّدُودُ وَالسَّعُوطُ وَالْحِجَامَةُ وَالْمَشِيُّ

کہا ابن عباس رض نے اور فرمایا حضرت صلعم نے کہ بہتر میں چیز کہ دوا کرو تم ساتھ اوسکی یہ چار چیزیں ہیں لدود اور سعوط اور حجامت اور مشی

وَخَيْرَ مَا اكْتَحَلْتُمْ بِهِ الْإِثْمِدُ فَإِنَّهُ يَجْلُو الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ

اور بہتر میں چیز کہ سرمہ لگاؤ تم ساتھ اوسکے سرمہ اصفہانی ہے پس تحقیق وہ روشن کرتا ہے بینائی کو اور جاتا ہے بالوں کو اور

وَإِنَّ خَيْرَ مَا تَحْتَجِمُونَ فِيهِ يَوْمُ سَبْعَ عَشْرَةَ وَيَوْمُ تِسْعَ عَشْرَةَ وَيَوْمُ

تحقیق بہتر میں دنوں کہ ہری ہری سینگی کھچواؤ سترھویں ہے اور انیسویں اور

إِحْدَى وَعِشْرِينَ وَإِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ عُرِجَ بِهِ مَا مَرَّ عَلَى

اکیسویں ہیں اور تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو جب معراج ہوئی نہیں گذرے وہ

مَلَإٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ إِلَّا قَالُوا عَلَيْكَ بِالْحِجَامَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ

کسی جماعت پر فرشتوں سے مگر کہا اونھوں نے حضرت صلعم کو کہ لازم ہے تم کو ہری ہری سینگی کھچوانی روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا

هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى

کہ یہ حدیث حسن غریب ہے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ رض سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا

الرِّجَالَ وَالنِّسَاءَ عَنْ دُخُولِ الْحَمَّامَاتِ ثُمَّ رَخَّصَ لِلرِّجَالِ اَنْ يَّدْخُلُوْا بِالْمَيَازِرِ

مردوں اور عورتوں کو داخل ہونے حماموں کے سے پہر رخصت دی مردوں کو داخل ہونے کی ساتھ تہبندوں کو

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ اَبِي الْمَلِيْحِ قَالَ قَدِمَ عَلٰى عَائِشَةَ نِسْوَةٌ

روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے ابی ملیح رضہ سے کہا اوسنے آئیں حضرت عائشہ رضہ کے پاس کتنی ایک عورتیں

مِّنْ اَهْلِ حِمْصَ فَقَالَ مِنْ اَيْنَ اَنْتُنَّ قُلْنَ مِنَ الشَّامِ قَالَتْ فَلَعَلَّكُنَّ

اہل حمص سے تھے پس کہا عائشہ رضہ نے کہ کہاں کی ہو تم کہا ان عورتوں نے کہ شام کی فرمایا عائشہ رضہ نے کہ شاید تم

مِنَ الْكُوْرَةِ الَّتِيْ تَدْخُلُ نِسَاؤُهَا الْحَمَّامَاتِ قُلْنَ بَلٰى قَالَتْ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ

اوس بستی کی ہو کہ داخل ہوتی ہیں عورتیں اوسکی حماموں میں کہا اونہوں نے کہ ہاں فرمایا عائشہ رضہ نے پس تحقیق سنا میں نے

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَخْلَعُ امْرَاَةٌ ثِيَابَهَا فِيْ غَيْرِ بَيْتِ زَوْجِهَا

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے نہیں اوتارتی کوئی عورت کپڑے اپنے بیچ غیر گہر خاوند اپنے کے

اِلَّا هَتَكَتِ السِّتْرَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ رَبِّهَا وَفِيْ رِوَايَةٍ فِيْ غَيْرِ بَيْتِهَا اِلَّا هَتَكَتْ

مگر کہ پہاڑا اوستے پردہ درمیان اپنے اور درمیان پروردگار اپنے کے اور بیچ ایک روایت کے بیچ غیر گہر اپنے کے مگر پہاڑا اوسنے

سِتْرَهَا فِيْمَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَ

پردہ اپنا بیچ اوس چیز کے کہ درمیان اوسکے ہے اور درمیان اللہ عز وجل کے روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے۔ اور

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَتُفْتَحُ لَكُمْ اَرْضُ

روایت ہے عبداللہ بن عمرو رضہ سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ فتح کیجاویگی واسطے تمہارے زمین

الْعَجَمِ وَسَتَجِدُوْنَ فِيْهَا بُيُوْتًا يُقَالُ لَهَا الْحَمَّامَاتُ فَلَا يَدْخُلَنَّهَا الرِّجَالُ اِلَّا

عجم کی اور پاؤ گے تم اوسمیں گہر کہ کہا جاویگا واسطے اونکے حمام پس نہ داخل ہوں اونمیں مرد بدون

بِالْاُزُرِ وَامْنَعُوْهَا النِّسَاءَ اِلَّا مَرِيْضَةً اَوْ نُفَسَاءَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ

تہبند کے اور منع کرو اونمیں داخل ہونے سے عورتوں کو مگر بیمار ہو یا نفاس والی ہو روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے

جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا

جابر رضہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ ایمان رکھتا ہو ساتھ اللہ کے اور روز آخرت کے پس نہ

يَدْخُلِ الْحَمَّامَ بِغَيْرِ اِزَارٍ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يُدْخِلْ

داخل ہو حمام میں بغیر تہبند کے اور جو شخص کہ ایمان رکھتا ہو ساتھ اللہ کے اور دن آخرت کے پس نہ داخل کرے

حَلِيلَتَهُ الْحَمَّامَ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَجْلِسْ عَلٰى مَائِدَةٍ

اپنی عورت کو حمام میں اور جو شخص کہ ایمان رکھتا ہو ساتھ اللہ کے اور روز آخرت کے پس نہ بیٹھے اوس دسترخوان پر کہ

تُدَارُ عَلَيْهَا الْخَمْرُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ

دَور کیجاتی ہو اوسپر شراب روایت کی یہ ترمذی اور نسائی نے۔ فصل تیسری۔ روایت ہے

ثَابِتٍ قَالَ سُئِلَ اَنَسٌ عَنْ خِضَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَوْ شِئْتُ اَنْ

ثابت رضہ سے کہ کہا پوچھے گئے انس رض بن مالک رض خضاب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سے پس کہا انس رض نے کہ اگر چاہتا میں کہ

اَعُدَّ شَمَطَاتٍ كُنَّ فِي رَأْسِهِ فَعَلْتُ قَالَ وَلَمْ يَخْتَضِبْ وَزَادَ فِي رِوَايَةٍ

شمار کروں میں بال سفید کہ اونکے سر مبارک میں تھے شمار کرتا میں کہا کہ نہیں خضاب کیا آنحضرت نے اور زیادہ کیا ایک روایت میں

وَقَدِ اخْتَضَبَ اَبُوْ بَكْرٍ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ وَاخْتَضَبَ عُمَرُ بِالْحِنَّاءِ بَحْتًا مُتَّفَقٌ

کہ تحقیق خضاب کیا حضرت ابو بکر رض نے ساتھ مہندی اور وسمہ کے اور خضاب کیا حضرت عمر رض نے ساتھ نری مہندی کے متفق

عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ بِالصُّفْرَةِ حَتّٰى تَمْتَلِئَ ثِيَابُهُ مِنَ

علیہ۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے یہ کہ وہ تھے رنگتے اپنی ڈاڑھی ساتھ زردی کے یہانتک کہ بھرتے کپڑے اونکے

الصُّفْرَةِ فَقِيلَ لَهُ لِمَ تَصْبُغُ بِالصُّفْرَةِ قَالَ اِنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْبُغُ بِهَا وَ

زردی سے پس کہا گیا واسطے اونکے کہ کیوں رنگتے ہو زردی سے کہا بتحقیق دیکھا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ تھے رنگتے ساتھ زردی کے اور

لَمْ يَكُنْ شَيْءٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْهَا وَقَدْ كَانَ يَصْبُغُ بِهَا ثِيَابَهُ كُلَّهَا حَتّٰى

نہ تھی کوئی چیز محبوب تر طرف حضرت کے زردی سے اور تحقیق تھے حضرت رنگتے زردی سے کپڑے اپنے سب یہانتک کہ

عِمَامَتَهُ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ

پگڑی بھی روایت کی یہ ابو داؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے عثمان بن عبد اللہ بن موہب سے کہ

قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ فَاَخْرَجَتْ اِلَيْنَا شَعْرًا مِنْ شَعْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

کہا گیا میں ام سلمہ رض کے پاس پس نکالا اونہوں نے طرف ہماری ایک بال بالوں نبی صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَخْضُوبًا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ اُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ

علیہ وسلم کے سے رنگین تھا روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا لایا گیا پیغمبر خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمُخَنَّثٍ قَدْ خَضَبَ يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ بِالْحِنَّاءِ فَقَالَ رَسُولُ

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک مخنث کہ تحقیق رنگے تھے اوسنے ہاتھ پاؤں اپنے ساتھ مہندی کے پس فرمایا رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَالُ هٰذَا قَالُوْا يَتَشَبَّهُ بِالنِّسَاءِ فَأَمَرَ بِهِ فَنُفِيَ إِلَى

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا حال ہے اسکا عرض کیا صحابہ نے کہ یہ مشابہت کرتا ہے ساتھ عورتوں کی پس حکم کیا آپ نے اسکو نکالدیا گیا

النَّقِيعِ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ أَلَا نَقْتُلُهُ فَقَالَ إِنِّي نُهِيتُ عَنْ قَتْلِ

طرف نقیع کے پس کہا گیا کہ یا رسول اللہ کیا نہ قتل کریں ہم اسکو پس فرمایا حضرت نے کہ تحقیق میں منع کیا گیا ہوں قتل کرنے

الْمُصَلِّينَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ لَمَّا فَتَحَ رَسُولُ

نمازیوں کے سے روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے ولید بیٹے عقبہ کے سے کہا اونے جب فتح کیا رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ جَعَلَ أَهْلُ مَكَّةَ يَأْتُونَهُ بِصِبْيَانِهِمْ فَيَدْعُو لَهُمْ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ تو شروع کیا مکہ والوں نے کہ لاتے تھے حضرت کے پاس اپنے لڑکے پس دعا مانگتے حضرت

بِالْبَرَكَةِ وَيَمْسَحُ رُؤُوسَهُمْ فَجِيءَ بِي إِلَيْهِ وَأَنَا مُخَلَّقٌ فَلَمْ يَمَسَّنِي مِنْ أَجْلِ

ساتھ برکت کے اور ہاتھ پھیرتے اونکے سر پر پس لایا گیا میں بھی حضرت کے پاس اور میں تھا آلودہ ساتھ خلوق کے پس نہ لگایا حضرت

الْخَلُوقِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَبِي قَتَادَةَ أَنَّهُ قَالَ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

آلودگی خلوق کی روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہ کہا واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے

إِنَّ لِي جُمَّةً أَفَأُرَجِّلُهَا قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَأَكْرِمْهَا قَالَ فَكَانَ

کہ تحقیق واسطے میرے ہیں بال مونڈھوں تک پس کیا کنگھی کروں میں اونکو فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ ہاں اور تعظیم کر اونکی کہا راوی نے پس تھے

أَبُو قَتَادَةَ رُبَّمَا دَهَنَهَا فِي الْيَوْمِ مَرَّتَيْنِ مِنْ أَجْلِ قَوْلِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى

ابو قتادہ کہ اکثر تیل لگاتے تھے بالوں کو ایکدن میں دوبار بسبب فرمانے رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَأَكْرِمْهَا رَوَاهُ مَالِكٌ وَعَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ حَسَّانَ قَالَ دَخَلْنَا

علیہ وسلم کے کہ ہاں اور تعظیم کر روایت کی یہ مالک نے۔ اور روایت ہے حجاج بن حسان سے کہ کہا داخل ہوئے ہم

عَلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَحَدَّثَتْنِي أُخْتِي الْمُغِيرَةُ قَالَتْ وَأَنْتَ يَوْمَئِذٍ

پاس انس بیٹے مالک کے پس حدیث کی مجھکو بہن میری مغیرہ نے کہ کہا اور تو اوسدن

غُلَامٌ وَلَكَ قَرْنَانِ أَوْ قُصَّتَانِ فَمَسَحَ رَأْسَكَ وَبَرَّكَ عَلَيْكَ وَقَالَ

لڑکا تھا اور تیرے دو گیسو گندھے ہوئے تھے یا کہا دو قصتان پس ہاتھ پھیرا انس نے تیرے سر پر اور دعا برکت کی تیرے لیے اور فرمایا کہ

احْلِقُوا هٰذَيْنِ أَوْ قُصُّوهُمَا فَإِنَّ هٰذَا زِيُّ الْيَهُودِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ

منڈا ڈالو ان دونوں کو یا کتر ڈالو ان دونوں کو اسلیے کہ یہ شکل ہے یہود کی روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے

عَلِيٍّ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَحْلِقَ الْمَرْأَةُ رَاْسَهَا رَوَاهُ النَّسَائِيُّ

علی رضی اللہ عنہ سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہ منڈاوے عورت سر اپنا روایت کی یہ نسائی نے

وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ

اور روایت ہے عطاء بن یسار سے کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں پس آیا

رَجُلٌ ثَائِرُ الرَّاْسِ وَاللِّحْيَةِ فَاَشَارَ اِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ كَاَنَّهٗ

ایک شخص پراگندہ بال سر کے اور داڑھی کے پس اشارہ کیا طرف اوس کے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ ہاتھ اپنے کے

يَاْمُرُهٗ بِاِصْلَاحِ شَعْرِهٖ وَلِحْيَتِهٖ فَفَعَلَ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حکم دیا اوسکو ساتھ سنوارنے بالوں سر کے اور داڑھی اوسکی کے پس سنوارا اوسنے بالوں کو پھر آیا وہ پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَيْسَ هٰذَا خَيْرًا مِّنْ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ ثَائِرُ الرَّاْسِ كَاَنَّهٗ

علیہ وسلم نے کہ کیا نہیں یہ بہتر اس سے کہ آوے ایک تمہارا اس حالت میں کہ پراگندہ ہوں بال اوسکے سر کے گویا کہ وہ

شَيْطَانٌ رَوَاهُ مَالِكٌ وَعَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ سَمِعَ يَقُولُ اِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ يُحِبُّ

شیطان ہے روایت کی یہ مالک نے۔ اور روایت ہے ابن مسیب تابعی سے کہ سنے گئے وہ کہتے تھے تحقیق اللہ تعالیٰ پاک ہے دوست

الطَّيِّبَ نَظِيفٌ يُحِبُّ النَّظَافَةَ كَرِيمٌ يُحِبُّ الْكَرَمَ جَوَادٌ يُحِبُّ الْجُودَ

پاکیکو اور نہایت ستھرا ہے دوست رکھتا ہے ستھرائی کو کرم کرنیوالا ہے دوست رکھتا ہے کرم کو بخشش والا ہے دوست رکھتا ہے بخشش کو

فَنَظِّفُوا اُرَاهُ قَالَ اَفْنِيَتَكُمْ وَلَا تَشَبَّهُوا بِالْيَهُودِ قَالَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ

پس صاف رکھو گمان کرتا ہوں میں ابن مسیب کو کہ کہا آنگنوں کو اور نہ مشابہت کرو ساتھ یہودیوں کے کہا راوی نے ذکر کیا میں نے یہ

لِمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ فَقَالَ حَدَّثَنِيْهِ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ

قول ابن مسیب کا مہاجر بن مسمار تابعی کے آگے پس کہا اونہوں نے کہ حدیث کی مجکو یہ عامر بن سعد تابعی نے اپنے باپ سے کہ نقل کی

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ نَظِّفُوا اَفْنِيَتَكُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند قول ابن مسیب کے مگر یہ تفاوت کہ کہا مہاجر نے کہ ستھرا رکھو صحن اپنے گھروں کو روایت کی یہ ترمذی نے

وَعَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُولُ كَانَ اِبْرَاهِيمُ

اور روایت ہے یحییٰ بن سعید سے کہ تحقیق سنا اونہوں نے سعید بیٹے مسیب کے سے کہتے کہ تھے حضرت ابراہیم

خَلِيلُ الرَّحْمٰنِ اَوَّلَ النَّاسِ ضَيَّفَ الضَّيْفَ وَاَوَّلَ النَّاسِ اخْتَتَنَ وَاَوَّلَ

دوست رحمٰن کے شہ اول آدمیوں کے کہ مہمانی کی مہمان کی اور اول لوگوں کے ختنہ کیا اور اول

مرد کے واسطے داڑھی کے بین داڑھی اور عورت کو سر منڈانا حرام ہے ۔ پس مرد کو کیا طرف اسکے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ سنوارنے بالوں اسکے کہ تنبیہ اشارہ کیا کہ مسجد سے باہر جا اور سر اور داڑھی کے بالوں کو درست کرکے آ ۔ یہ مطلب ہے اشارہ مبارک سے اپنے داڑھی اور سر مبارک کی طرف اصلاح

عورت کو سر کے بال منڈانا منع فرمایا

اشارہ کیا اس سے سمجھ گیا تا ہاتھ سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو سمجھایا بالوں اور سنوارنے کا ۔ داڑھی کے ساتھ ۔ پسند ہے مستحب ہے ستھرا ہونا ہر جگہ کا ۔ ستھرے رہنا نہیں یہود لوگوں کو اور بہت صفائی کا خیال رکھنا چاہیے صفائی کی عمدہ حقیقت یہی ہے

باب ۔ دیکھو ختنہ کرانا اور سر منڈانا پہلے ہی سے ہے ۔ ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہے

الناس قص شاربه واول الناس رای الشیب فقال یارب ما

لوگون کے کترین لبین اپنی اور اول لوگون کے کہ دیکھا بڑھاپا پس کہا اے پروردگار میرے کیا ہے

هذا قال الرب تبارك وتعالى وقار یا ابراهیم قال رب زدنی وقارا

یہہ فرمایا پروردگار بزرگ وبرتر نے کہ یہہ وقار ہے اے ابراہیم کہا ابراہیم نے کہ اے رب میرے زیادہ کر مجھکو وقار

رواه مالك باب التصاویر الفصل الاول عن ابی

روایت کی یہ مالک نے۔ باب ہے بیچ بیان تصویرون کے۔ فصل پہلی روایت ہے ابی

طلحة قال قال النبی صلی الله علیه وسلم لا تدخل الملئكة بیتا فیه كلب و

طلحہ رض سے کہ کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین داخل ہوتے فرشتے اوس گھر مین کہ ہو اوسمین کتا اور

لا تصاویر متفق علیه وعن ابن عباس عن میمونة ان رسول

نہ اوس گھر مین کہ ہون اوسمین تصویرین متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے اونسے نقل کی میمونہ رض سے کہ تحقیق رسول

الله صلی الله علیه وسلم اصبح یوما واجما وقال ان جبریل كان وعدنی

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی ایک روز غمگین اور فرمایا تحقیق جبرئیل نے وعدہ کیا تھا مجھسے

ان یلقانی اللیلة فلم یلقنی اما والله ما اخلفنی ثم وقع فی نفسه

ملاقات کرنیکا آجکی رات پس نہ ملاقات کی مجھسے خبردار ہو قسم خدا کی نہین خلاف وعدہ کیا جبرئیل نے مجھسے پھر آیا بیچ جی

جرو كلب تحت فسطاط له فامر به فاخرج ثم اخذ بیده ماء فنضح

بچہ کتے کا پڑا تھا بیچ خیمہ حضرت کے پس حکم کیا حضرت نے اوسکے بچہ کو نکالنے کا پس نکالا گیا پھر لیا حضرت نے اپنے ہاتھ مین پانی پس چھڑکا پانی

مكانه فلما امسی لقیه جبریل فقال لقد كنت وعدتنی ان

اوسکے بیٹھنے کی جگہ پس جبکہ شام ہوئی ملے حضرت سے جبرئیل پس فرمایا حضرت نے کہ تحقیق تھے وعدہ کیا تھا مجھسے

تلقانی البارحة قال اجل ولكنا لا ندخل بیتا فیه كلب ولا صورة

ملنے کا شب گذشتہ کہا کہ ہان لیکن ہم نہین داخل ہوتے اوس گھر مین کہ ہو اوسمین کتا یا صورت

فاصبح رسول الله صلی الله علیه وسلم یومئذ فامر بقتل الكلاب حتى انه

پس صبح کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس دن پس حکم فرمایا ساتھ قتل کرنے کتون کے یہانتک کہ

یامر بقتل كلب الحائط الصغیر ویترك كلب الحائط الكبیر

حکم کیا ساتھ مارنے کتے باغ چھوٹے کے اور چھوڑدیا بڑے باغون کے کتون کو

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَتْرُكُ فِي بَيْتِهٖ

روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہی عائشہ رضہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہ چھوڑتے تھے اپنے گھر مین

شَيْئًا فِيْهِ تَصَالِيْبُ اِلَّا نَقَضَهٗ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهَا اَنَّهَا اشْتَرَتْ

کسی چیز کو کہ اوسمین تصویرین ہون مگر توڑ ڈالتے تھے اوسکو روایت کی یہ بخاری نے - اور انہین عائشہ رضہ سے روایت ہی کہ تحقیق

نُمْرُقَةً فِيْهَا تَصَاوِيْرُ فَلَمَّا رَاٰهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عَلَى الْبَابِ

ایک تکیہ کہ اوسمین تصویرین تھین پس جبکہ دیکھا اوسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹھیرے رہے دروازہ پر

فَلَمْ يَدْخُلْ فَعَرَفْتُ فِي وَجْهِهِ الْكَرَاهِيَةَ قَالَتْ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

پس نہ آئے گھر مین پس پہچانی عائشہ نے حضرت ص کے چہرہ مبارک مین ناخوشی کہا عائشہ رضہ نے پس کہا مینے یا رسول اللہ

اَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلٰى رَسُوْلِهٖ مَاذَا اَذْنَبْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پھرتی ہون مین مخالفت سے طرف رضا اللہ اور رسول اوسکے کیا گناہ کیا مینے کہ آپ نہین آتے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

مَا بَالُ هٰذِهِ النُّمْرُقَةِ قَالَتْ قُلْتُ اشْتَرَيْتُهَا لَكَ لِتَقْعُدَ عَلَيْهَا وَتَوَسَّدَهَا

کیا حال ہے اس تکیہ کا کہا عائشہ نے کہ کہا مینے خریدا مینے اسکو آپکے لیے تاکہ بیٹھیے آپ اسپر اور تکیہ لگائے اسپر

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَصْحَابَ هٰذِهِ الصُّوَرِ يُعَذَّبُوْنَ يَوْمَ

پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق صورت بنانے والے عذاب کیے جاوینگے دن

الْقِيٰمَةِ وَيُقَالُ لَهُمْ اَحْيُوْا مَا خَلَقْتُمْ وَقَالَ اِنَّ الْبَيْتَ الَّذِيْ فِيْهِ

قیامت کے اور کہا جاویگا اونکو کہ زندہ کرو اوس چیز کو کہ بنایا تھا تمنے اور فرمایا کہ تحقیق وہ گھر کہ اوسمین

الصُّوْرَةُ لَا تَدْخُلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهَا اَنَّهَا كَانَتْ قَدِ اتَّخَذَتْ

صورت ہے نہین داخل ہوتے اوسمین فرشتے متفق علیہ - اور روایت ہی عائشہ رضہ سے کہ تحقیق اونہون نے ڈالا

عَلٰى سَهْوَةٍ لَهَا سِتْرًا فِيْهِ تَمَاثِيْلُ فَهَتَكَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتَّخَذَتْ

اپنے شہ نشین پر پردہ کہ اوسمین تصویرین تھین پس پھاڑ ڈالا اوسکو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس بنائے

مِنْهُ نُمْرُقَتَيْنِ فَكَانَتَا فِي الْبَيْتِ يَجْلِسُ عَلَيْهِمَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهَا اَنَّ

اوسکے دو تکیے پس تھے وہ دونون گھر مین بیٹھتے تھے اونپر تکیہ لگاکر متفق علیہ - اور روایت ہی عائشہ رضہ سے کہ تحقیق

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِيْ غَزَاةٍ فَاَخَذْتُ نَمَطًا فَسَتَرْتُهٗ عَلَى الْبَابِ فَلَمَّا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نکلے ایک جہاد مین پس لیا مینے ایک کپڑا پس پردہ کیا مینے اوسکا دروازہ پر پس جب

فلما فرأى النمط فجذبه حتى هتكه ثم قال إن الله لم يأمرنا أن

آئے حضرت صلعم پس دیکھا پردہ پڑا ہوا پس کھینچا اوسکو یہانتک کہ پھاڑ ڈالا اوسکو پھر فرمایا کہ تحقیق اللہ نے نہیں حکم کیا ہمکو کہ

نكسو الحجارة والطين متفق عليه وعنها عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

پہناویں ہم کپڑے پتھر اور مٹی کو متفق علیہ۔ اور روایت ہے عائشہ رضہ سے اونسے روایت کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے

قال أشد الناس عذابا يوم القيمة الذين يضاهون بخلق الله متفق عليه

کہ فرمایا بہت سخت لوگوں میں عذاب دن قیامت کے وہ لوگ ہونگے کہ مشابہت کرتے ہیں ساتھ پیدائش خدا تعالی کی متفق علیہ

وعن أبي هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول قال الله تعالى

اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے فرمایا اللہ تعالے نے

ومن أظلم ممن ذهب يخلق كخلقي فليخلقوا ذرة أو ليخلقوا حبة أو

اور کون ظالم تر ہے اوس شخص سے کہ پیدا کرے مانند پیدا کرنے میرے کے پس چاہیے کہ پیدا کریں ایک چیونٹی یا ایک دانہ یا

شعيرة متفق عليه وعن عبد الله بن مسعود قال سمعت رسول

ایک جو روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رضہ سے کہا اونسے سنا میں نے رسول

الله صلى الله عليه وسلم يقول أشد الناس عذابا عند الله المصورون متفق

خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے سخت تر لوگوں از روئے عذاب کے نزدیک اللہ کے مصور ہیں متفق

عليه وعن ابن عباس قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول كل

علیہ۔ اور روایت ہے ابن عباس رضہ سے کہا اونسے کہ سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے ہر

مصور في النار يجعل له بكل صورة صورها نفسا فيعذبه في جهنم

صورت کھینچنے والا بیچ آگ دوزخ کے ہے پیدا کیا جاویگا واسطے اوسکے بدلے ہر صورت کے کہ بنایا ہے اوسکو ایک شخص پس عذاب کریگا

قال ابن عباس فإن كنت لا بد فاعلا فاصنع الشجر وما لا روح فيه

کہا ابن عباس رضہ نے پس اگر ہو تو ضرور بنانیوالا صورت کا پس بنا صورت درختوں کی اور ان چیزوں کی کہ نہیں ہے روح اونمیں

متفق عليه وعنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من تحلم

متفق علیہ۔ اور روایت ہے اوسی سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو شخص کہ دعوی کرے

بحلم لم يره كلف أن يعقد بين شعيرتين ولن يفعل ومن استمع إلى

اوس خواب کا کہ نہیں دیکھا تکلیف دیا جاویگا یہ کہ گرہ لگادے درمیان دو جو کے اور ہرگز نہ کر سکیگا یہ اور جو شخص کہ کان لگاوے طرف

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَجْمِعًا ضَاحِكًا حَتّٰى

روایت ہی عائشہ رضہ سے کہ کہا نہیں دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خوب ہنستے ہوئے یہانتک

اَرٰى مِنْهُ لَهَوَاتِهٖ اِنَّمَا كَانَ يَتَبَسَّمُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ جَرِيْرٍ قَالَ مَا

کہ دیکھوں میں حضرت کا کوا سوائے اسکے نہیں کہ تھے مسکراتے روایت کی یہ بخاری نے - اور روایت ہی جریر رضہ سے کہ نہیں

حَجَبَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَاٰنِيْ اِلَّا تَبَسَّمَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

منع کیا مجکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جبسے کہ میں مسلمان ہوا اور نہیں دیکھا مجکو مگر کہ مسکراتے متفق علیہ

وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُوْمُ مِنْ مُّصَلَّاهُ

اور روایت ہی جابر بن سمرہ رضہ سے کہ کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نہیں اٹھتے مصلی اپنے سے

الذی یصلی فیه الصبح حتی تطلع الشمس فاذا طلعت الشمس قام وکانوا

کہ نماز پڑھتے اوسمیں صبح کی یہانتک کہ نکلتا آفتاب پس جس وقت کہ نکلتا آفتاب اوٹھتے اور تھے صحابہ

یتحدثون فیاخذون فی امر الجاهلیة فیضحکون ویتبسم صلی الله علیه وسلم

باتیں کرتے اور مشغول ہوتے بیچ باتوں جاہلیت کے اور ہنستے اور مسکراتے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم

رواه مسلم وفی روایة للترمذی یتناشدون الشعر الفصل الثانی

روایت کی یہ مسلم نے اور بیچ روایت ترمذی کے یہ ہے کہ پڑھتے تھے صحابہ شعر فصل دوسری

عن عبد الله بن الحارث بن جزء قال ما رایت احدا اکثر تبسما من رسول

روایت ہے عبداللہ بن حارث بن جزء رضی سے کہا نہیں دیکھا میں نے کسیکو بہت مسکراتے زیادہ رسول

الله صلی الله علیه وسلم رواه الترمذی الفصل الثالث عن قتادة

خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی یہ ترمذی نے فصل تیسری روایت ہے قتادہ رضی سے

قال سئل ابن عمر هل کان اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم یضحکون

کہ کہا سوال کیے گئے ابن عمر رضی کہ کیا تھے صحابی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ہنستے

قال نعم والایمان فی قلوبهم اعظم من الجبل وقال بلال بن سعد

کہا ابن عمر نے کہ ہاں اور حال انکا ایمان انکے دلوں میں بہت بڑا تھا پہاڑ سے اور کہا بلال بن سعد تابعی نے

ادرکتهم یشتدون بین الاغراض ویضحک بعضهم الی بعض فاذا

کہ پایا میں نے صحابہ کو دوڑتے تھے درمیان نشانوں تیر کے اور ہنستا تھا بعض انکا مائل ہو کر طرف بعضے کی پس جس وقت

کان اللیل کانوا رهبانا رواه فی شرح السنة باب الاسامی

ہوتی رات ہوتے بہت ڈرنیوالے اللہ سے روایت کی یہ بغوی نے شرح السنہ میں - باب ہے یہ بیچ بیان ناموں کے

الفصل الاول عن انس قال کان النبی صلی الله علیه وسلم فی السوق

فصل پہلی روایت ہے انس رضی سے کہ کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بازار میں

فقال رجل یا ابا القاسم فالتفت الیه النبی صلی الله علیه وسلم فقال انما دعوت

پس کہا ایک شخص نے ای ابا القاسم پس پھر کر دیکھا طرف اوسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پس کہا اوس شخص نے کہ نہیں

هذا فقال النبی صلی الله علیه وسلم سموا باسمی ولا تکتنوا بکنیتی متفق علیه

اس شخص کو پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نام رکھو تم ساتھ نام میرے کے اور نہ کنیت کرو ساتھ کنیت میری کے متفق علیہ

وعن جابر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال سموا باسمي ولا تكتنوا بكنيتي فاني

اور روایت ہے جابر سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نام رکھو تم ساتھ نام میرے کے اور نہ کنیت کرو تم ساتھ کنیت میری کے

انما جعلت قاسما اقسم بينكم متفق عليه وعن ابن عمر قال قال

سوا اسکے نہیں کہ ٹھیرایا گیا ہوں قاسم تقسیم کرتا ہوں درمیان تمہارے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم ان احب اسمائكم الى الله عبد الله وعبد الرحمن

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق دوست تر ناموں تمہارے کی طرف اللہ تعالی کے عبد اللہ اور عبد الرحمن ہیں

رواه مسلم وعن سمرة بن جندب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے سمرہ بن جندب رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

لا تسمين غلامك يسارا ولا رباحا ولا نجيحا ولا افلح فانك تقول

کہ نہ نام رکھو اپنے غلام کا یسار اور نہ رباح اور نہ نجیح اور نہ افلح اسلیے کہ تحقیق تو پوچھیگا کسی سے

اثم هو فلا يكون فيقول لا رواه مسلم وفي رواية له قال لا تسم

کیا اسجگہ ہے وہ پس نہ ہوگا وہ پس کہیگا نہیں روایت کی یہ مسلم نے اور ایک روایت مسلم کی میں یوں ہے کہ فرمایا نہ نام رکھ

غلامك رباحا ولا يسارا ولا افلح ولا نافعا وعن جابر قال اراد النبي

اپنے غلام کا رباح اور نہ یسار اور نہ افلح اور نہ نافع - اور روایت ہے جابر سے کہ کہا ارادہ کیا نبی

صلى الله عليه وسلم ان ينهى عن ان يسمى بيعلى وببركة وبافلح وبيسار وبنافع و

صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ کہ منع کریں نام رکھنے سے ساتھ یعلی اور ساتھ برکت کے اور ساتھ افلح کے اور ساتھ یسار کے اور ساتھ

بنحو ذلك ثم رأيته سكت بعد عنها ثم قبض ولم ينه عن ذلك

ساتھ مانند انکی پھر دیکھا میں نے حضرت کو کہ چپ ہے بعد اسکے ان ناموں کو منع کرنے سے پھر وفات کی گئی اور نہیں منع کیا

رواه مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اخنى

روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بدتر

الاسماء يوم القيمة عند الله رجل يسمى ملك الاملاك رواه البخاري

ناموں کا دن قیامت کے نزدیک اللہ کے وہ شخص ہے کہ نام رکھا جاوے شہنشاہ روایت کی یہ بخاری نے

وفي رواية لمسلم قال اغيظ رجل على الله يوم القيمة واخبثه رجل

اور بیچ روایت مسلم کے فرمایا بہت ناخوش ترین مرد نزدیک اللہ کے دن قیامت کے اور بدترین شخص کا

كَانَ يُسَمّٰى مَلِكَ الْاَمْلَاكِ لَا مَلِكَ اِلَّا اللّٰهُ وَعَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِىْ

وہ شخص ہے کہ نام رکہا جاوے بادشاہ ہونکا بادشاہ نہیں ہے بادشاہ مگر اللہ۔ اور روایت ہے زینب بنت ابی

سَلَمَةَ قَالَتْ سُمِّيْتُ بَرَّةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُزَكُّوْا اَنْفُسَكُمْ

سلمہ رضی سے کہ کہا نام رکھی گئی میں برّہ پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ سراہو اپنے نفسوں کو

اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَهْلِ الْبِرِّ مِنْكُمْ سَمُّوْهَا زَيْنَبَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

اللہ دانا تر ہے ساتہ اہل نیکی کے تم میں سے اس نام رکہو اسکا زینب روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے

قَالَ كَانَتْ جُوَيْرِيَةُ اِسْمُهَا بَرَّةَ فَحَوَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْمَهَا جُوَيْرِيَةَ

کہا کہ تہیں جویریہ نام اونکا تہا برہ پس تغیر کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نام اونکا جویریہ

وَكَانَ يَكْرَهُ اَنْ يُقَالَ خَرَجَ مِنْ عِنْدِ بَرَّةَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ

اور تہے حضرت مکروہ رکہتے یہ کہ کہا جاوے نکلے برہ کے پاس سے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ

بِنْتًا كَانَتْ لِعُمَرَ يُقَالُ لَهَا عَاصِيَةُ فَسَمَّاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمِيْلَةَ

تہی بیٹی حضرت عمر کی کہا جاتا تہا اوسکو عاصیہ پس نام رکہا اوسکا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جمیلہ

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ اُتِيَ بِالْمُنْذِرِ بْنِ اَبِىْ اُسَيْدٍ

روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے سہل بن سعد رض سے کہا کہ لایا گیا منذر بن ابی اسید

اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ وُلِدَ فَوَضَعَهُ عَلٰى فَخِذِهٖ فَقَالَ مَا اسْمُهُ

طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جسوقت کہ جنا گیا پس رکہا حضرت صلعم نے اوسکو اپنی ران مبارک پر اور فرمایا کہ کیا ہے نام اسکا

قَالَ فُلَانٌ قَالَ لَا لٰكِنِ اسْمُهُ الْمُنْذِرُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ

کہا ابواسید نے فلانا فرمایا نہ لیکن نام اسکا منذر ہے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ عَبْدِىْ وَاَمَتِىْ كُلُّكُمْ

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ کہے کوئی ایک تمہارا میرا بندہ اور میری لونڈی سب تمہارے

عَبِيْدُ اللّٰهِ وَكُلُّ نِسَائِكُمْ اِمَاءُ اللّٰهِ وَلٰكِنْ لِيَقُلْ غُلَامِىْ وَجَارِيَتِىْ وَفَتَاىَ

بندے اللہ کے ہیں اور سب عورتیں تمہاری لونڈیاں اللہ کی ہیں ولیکن چاہیے کہ کہے غلام میرا اور لڑکی میری اور خادم میرا

وَفَتَاتِىْ وَلَا يَقُلِ الْعَبْدُ رَبِّىْ وَلٰكِنْ لِيَقُلْ سَيِّدِىْ وَفِىْ رِوَايَةٍ لِيَقُلْ

اور خادمہ میری اور نہ کہے غلام مالک کو رب میرا ولیکن چاہیے کہ کہے سید میرا اور ایک روایت میں ہے کہ چاہیے کہے

سَيِّدِي وَمَوْلَايَ وَفِي رِوَايَةٍ لَا يَقُلِ الْعَبْدُ لِسَيِّدِهِ مَوْلَايَ فَإِنَّ

سید میرا اور مولی میرا اور ایک روایت میں ہے نہ کہے غلام اپنے مالک کو مولے میرا اسواسطے کہ

مَوْلَاكُمُ اللّٰهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُولُوا

کہ مولی تمہارا اللہ ہے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے اونہوں نے نقل کی نبی صلعم سے فرمایا کہ نہ کہو

الْكَرْمَ فَإِنَّ الْكَرْمَ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ عَنْ وَائِلِ بْنِ

کرم اسلیے کہ کرم دل مومن کا ہے روایت کی یہ مسلم نے اور ایک روایت مسلم کی میں وائل بن

حُجْرٍ لَا تَقُولُوا الْكَرْمَ وَلٰكِنْ قُولُوا الْعِنَبَ وَالْحَبَلَةَ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ

حجر سے ہے کہ نہ کہو تم کرم ولیکن کہو تم عنب وحبلہ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُسَمُّوا الْعِنَبَ الْكَرْمَ وَلَا تَقُولُوا يَا خَيْبَةَ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ کہو انگور کو کرم اور نہ کہو اے ناامیدی

الدَّهْرِ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ

زمانہ کے اسلیے کہ تحقیق اللہ وہی ہے پھیرنے والا زمانہ کا روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے اوسی سے کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَسُبُّ أَحَدُكُمُ الدَّهْرَ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ برا کہے ایک تمہارا زمانہ کو اسلیے کہ تحقیق اللہ تعالی وہی ہے پھیرنے والا زمانہ کا روایت

وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُولَنَّ أَحَدُكُمْ

اور روایت ہے عائشہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ کہے ایک تمہارا

خَبُثَتْ نَفْسِي وَلٰكِنْ لِيَقُلْ لَقِسَتْ نَفْسِي مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَذُكِرَ حَدِيثُ

پلید ہوا جی میرا لیکن کہے سست ہوا جی میرا متفق علیہ اور ذکر کی گئی حدیث

أَبِي هُرَيْرَةَ يُؤْذِينِي ابْنُ آدَمَ فِي بَابِ الْإِيمَانِ الْفَصْلُ الثَّانِي

ابی ہریرہ رضی کی کہ ستاتا اور دکھ دیتا ہے یؤذینی ابن آدم باب الایمان میں۔ فصل دوسری۔

عَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ لَمَّا وَفَدَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ

روایت ہے شریح بن ہانی رضی سے کہ نقل کی اپنے باپ سے یہ کہ وہ جب آیا پاس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ

قَوْمِهِ سَمِعَهُمْ يَكْنُونَهُ بِأَبِي الْحَكَمِ فَدَعَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ

قوم اپنی کے سنا حضرت نے اوسکی قوم کو کہ کنیت کرتی ہیں اوسکو ساتھ ابی الحکم کے پس بلایا اوسکو رسول خدا صلعم نے اور فرمایا

إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَكَمُ وَإِلَيْهِ الْحُكْمُ فَلِمَ تُكَنَّى أَبَا الْحَكَمِ قَالَ إِنَّ قَوْمِي إِذَا اخْتَلَفُوا
فِي شَيْءٍ أَتَوْنِي فَحَكَمْتُ بَيْنَهُمْ فَرَضِيَ كِلَا الْفَرِيقَيْنِ بِحُكْمِي فَقَالَ رَسُولُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَحْسَنَ هٰذَا فَمَا لَكَ مِنَ الْوَلَدِ قَالَ لِي شُرَيْحٌ وَمُسْلِمٌ
وَعَبْدُ اللّٰهِ قَالَ فَمَنْ أَكْبَرُهُمْ قَالَ قُلْتُ شُرَيْحٌ قَالَ فَأَنْتَ أَبُو شُرَيْحٍ
رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ لَقِيتُ عُمَرَ فَقَالَ مَنْ
أَنْتَ قُلْتُ مَسْرُوقُ بْنُ الْأَجْدَعِ قَالَ عُمَرُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
يَقُولُ الْأَجْدَعُ شَيْطَانٌ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ
قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُدْعَوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِأَسْمَائِكُمْ وَأَسْمَاءِ
آبَائِكُمْ فَأَحْسِنُوا أَسْمَاءَكُمْ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ
أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يَجْمَعَ أَحَدٌ بَيْنَ اسْمِهِ وَكُنْيَتِهِ وَيُسَمِّيَ مُحَمَّدًا
أَبَا الْقَاسِمِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا
سَمَّيْتُمْ بِاسْمِي فَلَا تَكْتَنُوا بِكُنْيَتِي رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ

التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي دَاوُدَ قَالَ مَنْ تَسَمّٰى بِاسْمِي

ترمذی نے کہ یہہ حدیث غریب ہے اور بیچ روایت ابی داؤد کے فرمایا جو شخص کہ نام رکھے ساتھ نام میرے کے

فَلَا يَكْتَنِ بِكُنْيَتِي وَمَنْ تَكَنّٰى بِكُنْيَتِي فَلَا يَتَسَمَّ بِاسْمِي وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ امْرَأَةً قَالَتْ

پس نہ رکھے کنیت میری اور جو شخص کہ کنیت کرے ساتھ کنیت میری کے پس نہ رکھے نام میرا۔ اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہ تحقیق ایک عورت نے کہا

يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي وَلَدْتُ غُلَامًا فَسَمَّيْتُهُ مُحَمَّدًا وَكَنَّيْتُهُ أَبَا الْقَاسِمِ

یا رسول اللہ تحقیق میں نے جنا ہے ایک لڑکا پس نام رکھا میں نے اوسکا محمد اور کنیت رکھی میں نے اوسکی ابا القاسم

فَذُكِرَ لِي أَنَّكَ تَكْرَهُ ذٰلِكَ فَقَالَ مَا الَّذِي أَحَلَّ اسْمِي وَحَرَّمَ كُنْيَتِي

پھر ذکر کیا گیا روبرو میرے یہ کہ آپ مکروہ رکھتے ہیں اسکو پس فرمایا کس نے حلال کیا نام رکھنے کو ساتھ نام میرے کے اور حرام کیا کنیت کو میری

أَوْ مَا الَّذِي حَرَّمَ كُنْيَتِي وَأَحَلَّ اسْمِي رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَقَالَ مُحْيِي السُّنَّةِ

یا فرمایا کس نے حرام کیا کنیت میری کو اور حلال کیا نام میرے کو روایت کی یہ ابو داؤد نے اور کہا محی السنہ نے

غَرِيبٌ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ

کہ یہہ غریب ہے۔ اور روایت ہے محمد بن حنفیہ رضی سے کہ نقل کی اپنے باپ سے کہ کہا علی مرتضیٰ نے کہ کہا میں نے یا رسول اللہ خبر دو مجکو

إِنْ وُلِدَ لِي بَعْدَكَ وَلَدٌ أُسَمِّيهِ بِاسْمِكَ وَأُكَنِّيهِ بِكُنْيَتِكَ قَالَ

کہ اگر پیدا کیا جاوے میرے واسطے بعد آپکے کوئی لڑکا تو نام رکھوں میں اوسکا ساتھ نام آپکے اور کنیت کروں میں ساتھ کنیت آپکے فرمایا

نَعَمْ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَنَّانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَقْلَةٍ

ہاں روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے انس رضی سے کہ کہا انہوں نے کنیت رکھی میری رسول خدا صلعم نے ساتھ ایک ساگ کے

كُنْتُ أَجْتَنِيهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ لَا نَعْرِفُهُ إِلَّا

کہ اکھیڑتا تہا میں اوسکو روایت کی یہہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث ایسی ہے کہ نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر

مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَفِي الْمَصَابِيحِ صَحَّحَهُ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّ النَّبِيَّ

ساتھ اس وجہ کے اور مصابیح میں صحیح کہا ہے اسکو۔ اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہ کہا تحقیق نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُغَيِّرُ الْاِسْمَ الْقَبِيحَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ بَشِيرِ

صلے اللہ علیہ وسلم تغیر فرماتے تھے برے نام کو روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے بشیر

ابْنِ مَيْمُونٍ عَنْ عَمِّهِ أُسَامَةَ بْنِ أَخْدَرِيٍّ أَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ أَصْرَمُ كَانَ

بن میمون تابعی سے کہ نقل کی اپنے چچا سے کہ اسامہ بن اخدری ہے یہ کہ ایک شخص تہا کہ اوسکو اصرم کہتے تھے تہا وہ

فِي النَّفَرِ الَّذِينَ أَتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بیچ جماعت کے کہ آئے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

مَا اسْمُكَ قَالَ أَصْرَمُ قَالَ بَلْ أَنْتَ زُرْعَةُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَقَالَ وَغَيَّرَ

کہ کیا ہے نام تیرا کہا اوس نے کہ اصرم ہے فرمایا حضرت نے بلکہ نام تیرا زرعہ ہے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور کہا اور تغیر کیا

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَ الْعَاصِ وَعَزِيزٍ وَعَتَلَةَ وَشَيْطَانٍ وَالْحَكَمِ وَغُرَابٍ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نام سے عاص کو اور عزیز کو اور عتلہ کو اور نام شیطان کو اور حکم کو اور غراب کو

وَحُبَابٍ وَشِهَابٍ قَالَ تَرَكْتُ أَسَانِيدَهَا لِلْاِخْتِصَارِ وَعَنْ أَبِي مَسْعُودٍ

اور نام حباب کو اور نام شہاب کو اور کہا ابوداؤد نے کہ نہ ذکر کی میں نے سناد ان حدیثوں کی کہ جنمیں تغیر ہوا واسطے اختصار کے۔ اور روایت ہے ابی مسعود

الْأَنْصَارِيِّ قَالَ لِأَبِي عَبْدِ اللّٰهِ أَوْ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ لِأَبِي مَسْعُودٍ مَا سَمِعْتَ

انصاری سے کہ کہا واسطے ابی عبداللہ کے یا کہا ابوعبداللہ نے واسطے ابی مسعود کے کیا سنا ہے تو نے

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي زَعَمُوا قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے بیچ زعموا کے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے

يَقُولُ بِئْسَ مَطِيَّةُ الرَّجُلِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَقَالَ إِنَّ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ حُذَيْفَةُ

کہ فرماتے تھے بری سواری مرد کی ہے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور کہا کہ تحقیق ابوعبداللہ کنیت حذیفہ بن یمان کی ہے

وَعَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُولُوا مَا شَاءَ اللّٰهُ وَشَاءَ فُلَانٌ

اور روایت ہے حذیفہ سے اونسے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہ کہو تم جو کچھ کہ چاہے اللہ اور چاہے فلانا

وَلٰكِنْ قُولُوا مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ شَاءَ فُلَانٌ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَفِي

ولیکن کہو جو چاہے اللہ پھر چاہے فلانا روایت کی یہ احمد اور ابوداؤد نے اور

رِوَايَةٍ مُنْقَطِعًا قَالَ لَا تَقُولُوا مَا شَاءَ اللّٰهُ وَشَاءَ مُحَمَّدٌ وَقُولُوا مَا شَاءَ

ایک روایت میں آیا ہے بطریق انقطاع کے کہ فرمایا نہ کہو کہ جو چاہے اللہ اور چاہے محمد اور کہو جو چاہے

اللّٰهُ وَحْدَهُ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

اللہ اکیلا روایت کی یہ بغوی نے شرح السنہ میں۔ اور روایت ہے حذیفہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا

لَا تَقُولُوا لِلْمُنَافِقِ سَيِّدٌ فَإِنَّهُ إِنْ يَكُ سَيِّدًا فَقَدْ أَسْخَطْتُمْ رَبَّكُمْ

نہ کہو منافق کو سید اسلیے کہ اگر ہو وہ سید تو تحقیق ناخوش کیا تم نے پروردگار اپنے کو

سو معلوم ہوا کہ کسی سے یوں کہنا کہ آپ جیسا چاہیں ویسا ہوگا یا یوں کہنا کہ خدا کے کرنے سے ہوگا یا [illegible]

رواه ابوداود الفصل الثالث عن عبد الحميد بن جبير بن

روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ فصل تیسری روایت ہے عبد الحمید بن جبیر بن

شيبة قال جلست الى سعيد بن المسيب فحدثني ان جده

شیبہ سے کہ کہا بیٹھا تھا میں پاس سعید بن مسیب کے پس حدیث کی سعید نے روبرو میرے کہ دادا کا

حزنا قدم على النبي صلى الله عليه وسلم فقال ما اسمك قال اسمي حزن قال

حزن تھا آیا پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا حضرت نے کیا ہے نام تیرا کہا نام میرا حزن ہے فرمایا

بل انت سهل قال ما انا بمغير اسما سمانيه ابي قال ابن المسيب فما زالت

بلکہ نام تیرا سہل رکھا اپنے کہا اس نے نہیں میں تغیر کرنیوالا اس نام کو کہ رکھا ہے نام باپ میرے نے کہا سعید بن مسیب نے پس ہمیشہ رہی

فينا الحزونة بعد رواه البخاري وعن ابي وهب الجشمي قال قال

بیچ خاندان ہمارے کے سختی اب تک روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابی وہب جشمی سے کہ کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم تسموا باسماء الانبياء واحب الاسماء الى الله

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نام رکھو ساتھ ناموں انبیاء کے اور بہترین ناموں میں طرف اللہ کے

عبد الله وعبد الرحمن واصدقها حارث وهمام واقبحها حرب

عبداللہ اور عبدالرحمن اور خوب سچے نام حارث اور ہمام ہیں اور بدترین ناموں کے حرب

ومرة رواه ابوداود باب البيان والشعر الفصل الاول

اور مرہ روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ باب بیچ بیان اور شعر کے فصل پہلی

عن ابن عمر قال قدم رجلان من المشرق فخطبا فعجب الناس

روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا آئے دو شخص جانب مشرق سے پس انہوں نے خطبہ پڑھا پس تعجب کیا لوگوں نے

لبيانهما فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان من البيان لسحرا رواه البخاري

انکی خوش تقریری سے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بعضا بیان البتہ سحر ہوتا ہے روایت کی

وعن ابي بن كعب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان من الشعر حكمة

اور روایت ہے ابی بن کعب سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بعضا شعر حکمت ہے

رواه البخاري وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم هلك

روایت کی یہ بخاری نے اور روایت ہے ابن مسعود سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہلاک ہوئے

الْمُتَنَطِّعُونَ قَالَهَا ثَلَاثًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

گو مبالغہ کرنے ہیں کلام میں فرمایا حضرت نے اس کلمہ کو تین بار روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہی ابو ہریرہ رضی سے کہا فرمایا رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصْدَقُ كَلِمَةٍ قَالَهَا الشَّاعِرُ كَلِمَةُ لَبِيدٍ أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سچا کلمہ کہ کہا اوسکو شاعر نے کلمہ لبید کا ہے کہ وہ یہ ہے کہ خبردار ہو ہر چیز

خَلَا اللهَ بَاطِلٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ رَدِفْتُ

سوا اللہ کے فانی ہے متفق علیہ - اور روایت ہی عمرو بن شرید رضی سے کہ نقل کی اپنے باپ سے کہا پیچھے بیٹھا میں

رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ هَلْ مَعَكَ مِنْ شِعْرِ أُمَيَّةَ بْنِ أَبِي

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سواری پر ایکدن پس فرمایا کیا یاد ہیں تجکو بیتوں امیہ بن ابی

الصَّلْتِ شَيْءٌ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ هِيهِ فَأَنْشَدْتُهُ بَيْتًا فَقَالَ هِيهِ ثُمَّ أَنْشَدْتُهُ

الصلت سے کچھ کہا میں نے کہ ہاں یاد ہیں فرمایا کہ ہاں پڑھ پس پڑھی میں نے روبرو حضرت کے ایک بیت پس فرمایا اور بھی پڑھ پھر پڑھی میں نے

بَيْتًا فَقَالَ هِيهِ حَتَّى أَنْشَدْتُهُ مِائَةَ بَيْتٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ جُنْدُبٍ

ایک بیت پس فرمایا کہ ہاں پڑھ کوئی اور بیت یہاں تک کہ پڑھیں میں نے سو بیتیں روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہی جندب رضی سے

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي بَعْضِ الْمَشَاهِدِ وَقَدْ دَمِيَتْ إِصْبَعُهُ فَقَالَ

کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے بیچ بعضی لڑائی کے اور حالانکہ خون آلودہ ہوئی انگلی حضرت کی پس فرمایا

هَلْ أَنْتِ إِلَّا إِصْبَعٌ دَمِيتِ وَفِي سَبِيلِ اللهِ مَا لَقِيتِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

نہیں تو مگر انگلی کہ خون آلودہ ہوئی اور بیچ راہ خدا کے ہے وہ چیز کہ دیکھی تو نے متفق علیہ

وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ قُرَيْظَةَ لِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ

اور روایت ہی براء رضی سے کہ کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دن قریظہ کے واسطے حسان بن ثابت کو

اُهْجُ الْمُشْرِكِينَ فَإِنَّ جِبْرِيلَ مَعَكَ وَكَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ

کہ ہجو کر تو مشرکین کی پس تحقیق جبریل ساتھ تیرے ہیں اور تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے

لِحَسَّانَ أَجِبْ عَنِّي اللّٰهُمَّ أَيِّدْهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

واسطے حسان کے جواب دے میری طرف سے یا الہی تائید کر حسان کو ساتھ جبریل کے متفق علیہ - اور روایت ہی

عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اهْجُوا قُرَيْشًا فَإِنَّهُ أَشَدُّ عَلَيْهِمْ

عائشہ رضی سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہجو کرو کفار قریش کی پس تحقیق ہجو بہت سخت ہوتی

مِنْ رَشْقِ النَّبْلِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

پہنچنے تیر کے سے روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے اُسی عائشہ رضی سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلعم سے

يَقُوْلُ لِحَسَّانَ اِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ لَا يَزَالُ يُؤَيِّدُكَ مَا نَافَحْتَ عَنِ اللّٰهِ وَ

فرماتے تھے واسطے حسان کے کہ تحقیق جبرئیل ہمیشہ تائید کرتا ہے تیری جب تک کہ مقابلہ کرتا ہے تو اللہ اور

رَسُوْلِهِ وَقَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ هَجَاهُمْ حَسَّانُ فَشَفٰى

رسول کی طرف سے اور کہا عائشہ نے کہ سنا میں نے رسول خدا صلعم سے فرماتے تھے کہ ہجو کی کفار کی حسان نے پس شفا دی

وَاشْتَفٰى رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْقُلُ

اور شفا پائی آپ روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے براء رض سے کہ کہا تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اٹھاتے

التُّرَابَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ حَتّٰى اَغْبَرَ بَطْنُهُ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَوْلَا اللّٰهُ مَا اهْتَدَيْنَا

مٹی دن خندق کے یہاں تک کہ غبار آلودہ ہوا تھا پیٹ حضرت صلعم کا فرماتے قسم ہے خدا کی اگر نہ ہوتا اللہ نہ ہدایت پاتے

وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا فَاَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ

اور نہ صدقہ دیتے ہم اور نہ نماز پڑھتے ہم پس اُتار اے اللہ آرام ہمپر اور ثابت رکھ قدم ہمارے اگر

لَاقَيْنَا اِنَّ الْاُولٰى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا اِذَا اَرَادُوْا فِتْنَةً اَبَيْنَا يَرْفَعُ بِهَا

ملیں ہم دشمنان سے تحقیق ان کفار مکہ نے زیادتی کی ہم پر سبب اسکے کہ جب ارادہ کرتے ہیں وہ فتنہ کا انکار کرتے ہیں ہم بلند کرتے

صَوْتَهُ اَبَيْنَا اَبَيْنَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ جَعَلَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ

آواز اپنی خصوصاً لفظ ابینا ابینا پر متفق علیہ - اور روایت ہے انس رض سے کہا شروع کیا مہاجرون اور انصار نے

يَحْفِرُوْنَ الْخَنْدَقَ وَيَنْقُلُوْنَ التُّرَابَ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ الَّذِيْنَ

کھودنا خندق کا اور اٹھانا مٹی کا اور وہ پڑھتے تھے اس رجز کو ہم ہیں وہ لوگ

بَايَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَى الْجِهَادِ مَا بَقِيْنَا اَبَدًا يَقُوْلُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ

کہ بیعت کی حضرت محمد صلعم سے جہاد پر جبتک کہ باقی رہیں ہم ہمیشہ فرماتے تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم حالانکہ

يُجِيْبُهُمْ اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَةِ فَاغْفِرِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ مُتَّفَقٌ

جواب دیتے تھے انکو یا الٰہی نہیں زندگی مگر زندگانی آخرت کی پس بخش انصار اور مہاجرین کو متفق

عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ

علیہ - اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ البتہ بھرنا پیٹ

رَجُلٍ قَيحاً يَرِيهِ خَيرٌ مِنْ اَنْ يَمتَلِئَ شِعراً مُتَّفَقٌ عَلَيهِ اَلفَصلُ الثَّانِي

ایک شخص کا پیٹ پیپ سے کہ خراب کرے پیٹ اوسکا بہتر ہے اوس سے کہ بھرے پیٹ اوسکا شعر مذموم سے متفق علیہ فصل دوسری

عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهُ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللهَ تَعَالٰى قَدْ اَنْزَلَ

روایت ہے کعب بن مالک سے یہ کہ اونہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ اللہ تعالی نے نازل کی

فِي الشِّعْرِ مَا اَنْزَلَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ يُجَاهِدُ بِسَيْفِهِ وَ

بیچ حق شعر کہنے کے وہ چیز کہ نازل کی پس فرمایا نبی صلعم نے کہ تحقیق مومن جہاد کرتا ہے ساتھ تلوار اپنی کے اور

لِسَانِهِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَكَاَنَّمَا تَرْمُونَهُمْ بِهِ نَضْحَ النَّبْلِ رَوَاهُ فِي شَرْحِ

زبان اپنی کے قسم ہے اوس ذات کی کہ جان میری بیچ ہاتھ اوسکے ہے گویا کہ مارتے ہو کافروں کو ساتھ شعر کے مانند مارنے تیر کے روایت کی بیچ شرح

السُّنَّةِ وَفِي الْاِسْتِيعَابِ لِابْنِ عَبْدِ الْبَرِّ اَنَّهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللهِ مَاذَا تَرَى

السنہ میں اور مذکور ہے کتاب استیعاب میں کہ ابن عبد البر کی ہے یہ کہ کعب نے کہا یا رسول اللہ کیا حکم فرماتے ہو

فِي الشِّعْرِ فَقَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ يُجَاهِدُ بِسَيْفِهِ وَلِسَانِهِ وَعَنْ اَبِي اُمَامَةَ

بیچ شعر کے پس فرمایا حضرت صلعم نے کہ تحقیق مومن جہاد کرتا ہے ساتھ تلوار اپنی کے اور زبان اپنی کے اور روایت ہے ابی امامہ سے

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْحَيَاءُ وَالْعِيُّ شُعْبَتَانِ مِنَ الْاِيمَانِ وَالْبَذَاءُ

کہ انہوں نے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے حیا اور زبان بستگی دو شاخیں ہیں ایمان سے اور فحش گوئی

وَالْبَيَانُ شُعْبَتَانِ مِنَ النِّفَاقِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ اَبِي ثَعْلَبَةَ

اور بکواس بے فائدہ دو شاخیں ہیں نفاق سے روایت کی یہ ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابی ثعلبہ

الْخُشَنِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَحَبَّكُمْ اِلَيَّ وَاَقْرَبَكُمْ مِنِّي يَوْمَ

خشنی سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق محبوب ترین تمہاری طرف میری اور نزدیک ترین

الْقِيٰمَةِ اَحَاسِنُكُمْ اَخْلَاقاً وَاِنَّ اَبْغَضَكُمْ اِلَيَّ وَاَبْعَدَكُمْ مِنِّي مَسَاوِيكُمْ

قیامت کے بہت خوش اخلاق تمہارے ہیں اور تحقیق دشمن ترین تمہارے طرف میری اور دور ترین تمہارے مجھسے برے تمہارے ہیں

اَخْلَاقاً الثَّرْثَارُونَ الْمُتَشَدِّقُونَ الْمُتَفَيْهِقُونَ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ

از روی خلق کے گروہ ہیں بہت کلام کرنیوالے اور فراخی کرنیوالے کلام میں اور منہ بھر کر کلام کرنیوالے روایت کی یہ بیہقی نے شعب

الْاِيمَانِ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهُ عَنْ جَابِرٍ وَفِي رِوَايَتِهِ قَالُوا يَا رَسُولَ

الایمان میں اور روایت ہے ترمذی سے مانند اسکے جابر سے اور بیچ ایک روایت ترمذی کے یون ہے کہ عرض کیا

اللهِ قَدْ عَلِمْنَا الثَّرْثَارُونَ وَالْمُتَشَدِّقُونَ فَمَا الْمُتَفَيْهِقُونَ قَالَ الْمُتَكَبِّرُونَ

الله تحقیق جانا ہمنے ثرثارون اور متشدقون کو پس کون ہین متفیہقون فرمایا تکبر کرنیوالے

وَعَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُومُ

اور روایت ہے سعد بیٹے ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے کہ کہا اونہونے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہین قائم ہوگی

السَّاعَةُ حَتَّى يَخْرُجَ قَوْمٌ يَأْكُلُونَ بِأَلْسِنَتِهِمْ كَمَا تَأْكُلُ الْبَقَرَةُ بِأَلْسِنَتِهَا

قیامت یہان تک کہ نکلے گی ایک قوم کہ کھاوینگی ساتھ زبانون اپنے کے جیسے کہ کھاتی ہے گائین ساتھ زبان اپنی

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللهَ

روایت کی یہ احمد نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق اللہ

يُبْغِضُ الْبَلِيغَ مِنَ الرِّجَالِ الَّذِي يَتَخَلَّلُ بِلِسَانِهِ كَمَا يَتَخَلَّلُ الْبَاقِرَةُ بِلِسَانِهَا

دشمن رکھتا ہے اوس شخص کو کہ مبالغہ کرے فصاحت کلام مین وہ جو کھاوے ساتھ زبان اپنی کے جیسے کہ کھاتی ہین چارہ گائین ساتھ زبان کے

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ

روایت کی یہ ترمذی اور ابوداود نے اور کہا ترمذی نے کہ یہہ حدیث غریب ہے ۔

وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَرْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي

اور روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے گذرا مین اوس رات کو کہ معراج کرائی گئی

بِقَوْمٍ تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيضَ مِنَ النَّارِ فَقُلْتُ يَا جِبْرِيلُ مَنْ

ایک قوم پر کہ کاٹے جاتے تھے ہونٹ اونکے ساتھ مقراضون آگ کے پس کہا مینے اے جبرئیل کون ہین

هٰؤُلَاءِ قَالَ هٰؤُلَاءِ خُطَبَاءُ أُمَّتِكَ الَّذِينَ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ

یہہ لوگ کہا یہہ ہین واعظ قوم تیری کے وہ جو کہتے ہین وہ چیز کہ آپ نہین کرتے

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ

روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا

قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّمَ صَرْفَ الْكَلَامِ لِيَسْبِيَ بِهِ قُلُوبَ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ سیکھے پھیرنا کلام کا تا قابو مین لاوے بسبب اوسکے دل

الرِّجَالِ أَوِ النَّاسِ لَمْ يَقْبَلِ اللهُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا رَوَاهُ

مردون کے یا فرمایا لوگون کے نہین قبول کریگا اللہ تعالی اوس سے دن قیامت کے نقل اور نہ فرض روایت کی ہے

ابو داود وعن عمرو بن العاص أنه قال يوماً وقام رجل فأكثر القول

ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے عمرو بن العاص سے یہہ کہ اونہوں نے کہا ایکدن سحابات میں کہ کہڑا ہوا ایک شخص پس بہت

فقال عمرو لو قصد في قوله لكان خيراً له سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم

پس کہا عمرو نے اگر میانہ روی کرتا اپنی تقریر میں تو البتہ بہتر ہوتا واسطے اوسکے سنا ہے میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو

يقول لقد رأيت أو أمرت أن أتجوز في القول فإن الجواز هو خير

فرماتے تحقیق جانا ہے میں نے ۔ یا فرمایا حکم کیا گیا ہوں یہہ کہ اختصار کروں میں تقریر میں پس تحقیق تقریر مختصر بہتر ہے

رواه ابو داود وعن صخر بن عبد الله بن بريدة عن أبيه عن جده

روایت کی یہہ ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے صخر بن عبد اللہ بن بریدہ سے کہ نقل کی اونہوں نے اپنے باپ سے کہ اونہوں نے صخر کے دادا سے

قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إن من البيان سحراً وإن من

کہا سنا ہے میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تحقیق بعضا بیان سحر ہے اور تحقیق بعضا

العلم جهلاً وإن من الشعر حكماً وإن من القول عيالاً رواه ابو داود

علم جہل ہے اور تحقیق بعضا شعر فائدہ مند ہوتا ہے اور تحقیق بعضا قول وبال ہوتا ہے روایت کی یہہ ابو داؤد نے

الفصل الثالث عن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله

فصل تیسری ۔ روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا کہتے پیغمبر خدا صلی اللہ

عليه وسلم يضع لحسان منبراً في المسجد يقوم عليه قائماً يفاخر عن رسول

علیہ وسلم رکہتے حسان کے واسطے منبر مسجد میں کہ کہڑے ہوتے اوسپر کہڑے ہوتا در انحالیکہ فخر کرتے رسول

الله صلى الله عليه وسلم أو ينافح ويقول رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الله يؤيد حسان

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف سے یا کہا کہ مقابلہ کرتے حضرت کی طرف سے اور فرماتے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہ تحقیق اللہ تعالیٰ تائید کرتا ہے حسان کی

بروح القدس ما نافح أو فاخر عن رسول الله صلى الله عليه وسلم رواه البخاري

ساتھ جبرئیل کے جب تک کہ مقابلہ کرتا ہے وہ یا کہا فخر کرتا ہے رسول خدا صلعم کی طرف سے روایت کی یہہ بخاری نے

وعن أنس قال كان للنبي صلى الله عليه وسلم حاد يقال له أنجشة وكان حسن

اور روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہ کہا تہا واسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹوں کو گانے سے چلانیوالا کہا جاتا تہا اوسکو انجشہ

الصوت فقال له النبي صلى الله عليه وسلم رويدك يا أنجشة لا تكسر القوارير

آواز پس فرمایا واسطے اوسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ آہستہ ہانک اونٹوں کو اے انجشہ مت توڑ تو شیشوں کو

قال قتادة يعني ضعفة النساء متفق عليه وعن عائشة قالت ذكر

کہا قتادہ نے مراد رکھتے تھے حضرت ساتھ شیشوں کے ضعیف عورتوں کو متفق علیہ ہے ۔ اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہ کہا ذکر کیا گیا

عند رسول الله صلى الله عليه وسلم الشعر فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هو كلام

نزدیک رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے شعر پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ شعر کلام ہے

فحسنه حسن وقبيحه قبيح رواه الدارقطني وروى الشافعي عن عروة

پس اس کا اچھا اوسکا اچھا ہے اور برا اوسکا برا ہی روایت کی یہ دارقطنی نے اور روایت کی شافعی نے عروہ سے

مرسلا وعن أبي سعيد الخدري قال بينا نحن نسير مع رسول

بطریق ارسال کے ۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری رضی سے کہ کہا جس وقت چلتے تھے ہم ساتھ رسول

الله صلى الله عليه وسلم بالعرج إذ عرض شاعر ينشد فقال رسول الله صلى

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے عرج میں ناگہاں روبرو آیا ایک شاعر کہ شعر پڑھتا تھا پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ

الله عليه وسلم خذوا الشيطان أو أمسكوا الشيطان لأن يمتلئ جوف رجل

علیہ وسلم نے کہ پکڑو اس شیطان کو یا فرمایا نہ جانے دو اس شیطان کو البتہ بھرنا پیٹ مرد کا

قيحا خير له من أن يمتلئ شعرا رواه مسلم وعن جابر قال قال رسول

پیپ سے بہتر ہے اوسکے لیے بھرنے سے ساتھ شعر کے روایت کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے جابر رضی سے کہ کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم الغناء ينبت النفاق في القلب كما ينبت الماء الزرع رواه

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ راگ جماتا ہے نفاق کو دل میں جیسا کہ جماتا ہے پانی کھیتی کو روایت کی یہ

البيهقي في شعب الإيمان وعن نافع قال كنت مع ابن عمر في طريق فسمع

بیہقی نے شعب الایمان میں ۔ اور روایت ہے نافع رضی سے کہ کہا تھا میں ساتھ ابن عمر کے بیچ راہ کے پس سنی انہوں نے

مزمارا فوضع أصبعيه في أذنيه وناء عن الطريق إلى الجانب الآخر

بانسری پس رکھیں دونوں انگلیاں اپنی کانوں میں اور دور ہوئے راہ سے دوسری طرف

ثم قال لي بعد أن بعد يا نافع هل تسمع شيئا قلت لا فرفع أصبعيه

پھر کہا واسطے میرے پیچھے اسکے کہ دور ہوئے اے نافع کیا سنتا ہے تو کچھ کہا میں نے نہیں پس اٹھالیں انگلیاں

من أذنيه قال كنت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فسمع صوت يراع فصنع

دونوں کانوں اپنوں سے کہا ابن عمر نے تھا میں ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس سنی آواز نے کی پس کیا حضرت نے

مِثْلَ مَا صَنَعْتُ قَالَ نَافِعٌ وَكُنْتُ إِذْ ذَاكَ صَغِيرًا رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُودَاوُدَ

مانند اوسکے جیسا کہ کیا مینے کہا نافع نے اور تھا مین اوسوقت لڑکا چھوٹا روایت کی یہ احمد اور ابوداؤد نے

# بَابُ حِفْظِ اللِّسَانِ وَالْغِيبَةِ وَالشَّتْمِ

باب ہے بیچ بیان محافظت زبان کے اور غیبت اور گالیون کے

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

فصل پہلی

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَضْمَنْ لِي مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ أَضْمَنْ لَهُ الْجَنَّةَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

روایت ہے سہل بن سعد رض سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ضامن ہو واسطے میرے اسکا کہ اسکے دونو کلون مین ہے اور اسکا کہ اسکے دونو پاؤن مین ہے ضامن ہو مین واسطے اوسکے بہشت کا روایت کی یہ بخاری نے

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ لَا يُلْقِي لَهَا بَالًا يَرْفَعُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَاتٍ وَإِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ لَا يُلْقِي لَهَا بَالًا يَهْوِي بِهَا فِي جَهَنَّمَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُمَا يَهْوِي بِهَا فِي النَّارِ أَبْعَدَ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بندہ البتہ بولتا ہے ساتھ ایک بات کے کہ اوس مین رضامندی حق کی ہے نہین جانتا اوس بات کی شان بلند کرتا ہے اللہ بسبب اوسکے بڑے درجے اور تحقیق بندہ البتہ بولتا ہے ساتھ ایک بات کے کہ اوس مین ناخوشی اللہ کی ہوتی ہے مضایقہ نہین جانتا اوسکے کہنے مین گرتا ہے بسبب اوسکے دوزخ مین روایت کی یہ بخاری نے اور بیچ روایت بخاری اور مسلم کے یون ہے کہ گرتا ہے بندہ بسبب اوس بات کے آگ دوزخ مین گرنا دور کہ مسافت درمیان مشرق اور مغرب کے ہے

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور روایت ہے عبد اللہ بیٹے مسعود رض کے سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے برا کہنا مسلمان کا فسق ہے اور مار ڈالنا اوسکا کفر ہے متفق علیہ

وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا رَجُلٍ قَالَ لِأَخِيهِ كَافِرٌ فَقَدْ بَاءَ بِهَا أَحَدُهُمَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص کہدے اپنے بھائی مسلمان کو کافر پس تحقیق پھرتا ہے ساتھ اس کلمہ کفر کے ایک ان دونو کا متفق علیہ ہے اور روایت ہے

وَعَنْ

فائدہ: حدیث سے معلوم ہوا کہ آدمی بدون سوچے ہوئے ایک بات کو نہ کہے اور بات کرنے مین احتیاط اور غور لازم ہے ... ایک بات کی وجہ سے دوزخ ... ہو جاتا ہے

حفظ اللسان والغیبۃ والشتم

ابی ذرؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یرمی رجل رجلا بالفسوق

ابی ذر رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ تہمت کرے کوئی شخص کسی شخص کو فسق کی

ولا یرمیہ بالکفر الا ارتدت علیہ ان لم یکن صاحبہ کذلک رواہ

اور نہ تہمت کرے اوسکو کفر کی مگر پھرتا ہے کلمہ کفر و فسق کہنے والے پر اگر نہ ہو یار اوسکا کہ جسکو وہ کلمہ کہا اسطرح کا روایت کی ہے

البخاری وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من دعا رجلا

بخاری نے - اور روایت ہے ابی ذر رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پکارے کسی شخص کو

بالکفر او قال عدو اللہ ولیس کذلک الا حار علیہ متفق علیہ

ساتھ کفر کے یا کہے او دشمن خدا کے اور نہیں ہے وہ شخص اسطرح کا مگر کہ رجوع کرتا ہے کفر یا عداوت اوسپر متفق علیہ

وعن انس وابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال المستبان

اور روایت ہے انس رضہ اور ابی ہریرہ رضہ سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو شخص برا کہنے والے آپس میں

ما قالا فعلی البادی مالم یعتد المظلوم رواہ مسلم وعن

گناہ اوس چیز کا کہ کہیں اوسپر ہے کہ پہلے برا کہا جب تک کہ تجاوز نہ کرے مظلوم روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے

ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا ینبغی لصدیق ان یکون

ابی ہریرہ رضہ سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں جائز و لائق صدیق کے یہہ کہ ہو بہت

لعانا رواہ مسلم وعن ابی الدرداء قال سمعت رسول اللہ صلی

لعنت کرنیوالا روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے ابی درداء رضہ سے کہ کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ

علیہ وسلم یقول ان اللعانین لا یکونون شہداء ولا شفعاء یوم القیمۃ

علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے تحقیق بہت لعنت کرنیوالے نہ ہونگے گواہی دینے والے اور نہ شفاعت کرنیوالے دن قیامت کے

رواہ مسلم وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا

روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ

قال الرجل ہلک الناس فہو اہلکہم رواہ مسلم وعنہ

کہے کوئی آدمی ہلاک ہوئے لوگ تو پس وہ سب سے زیادہ ہلاک ہونیوالا ہے روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تجدون شر الناس یوم القیمۃ

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پاؤگے بدترین لوگوں کا دن قیامت کے

ذَا الْوَجْهَيْنِ الَّذِي يَأْتِي هٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ وَهٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ
دو رویہ ہے وہ کہ آتا ہے ایک جماعت کے پاس ساتھ ایک طریق کے اور آتا ہے دوسری جماعت کے پاس دوسری طرح متفق علیہ

وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَدْخُلُ
اور روایت ہے حذیفہ رض سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہ داخل ہوگا

الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةِ مُسْلِمٍ نَمَّامٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ
بہشت میں چغل خور متفق علیہ اور ایک روایت مسلم کی میں بجائے لفظ قتات کے لفظ نمام کا آیا ہے۔ اور روایت ہے عبداللہ بن

مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَإِنَّ الصِّدْقَ
مسعود رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لازم پکڑو اپنے پر سچ بولنے کو اسلیے کہ سچ بولنا

يَهْدِي إِلَى الْبِرِّ وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِي إِلَى الْجَنَّةِ وَمَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَصْدُقُ
راہ دکھاتا ہے طرف نیکوکاری کے اور تحقیق نیکوکاری راہ بتلاتی ہے طرف بہشت کی اور ہمیشہ ایک شخص سچ بولتا ہے

وَيَتَحَرَّى الصِّدْقَ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ صِدِّيقًا وَإِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ
اور کوشش کرتا ہے سچ بولنے میں یہانتک کہ لکھا جاتا ہے وہ نزدیک اللہ تعالی کے صدیق اور دور رکھو تم اپنے تئیں جھوٹ بولنے سے

فَإِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِي إِلَى الْفُجُورِ وَإِنَّ الْفُجُورَ يَهْدِي إِلَى النَّارِ وَمَا
اسلیے کہ تحقیق جھوٹ بولنا پہنچاتا ہے طرف فسق کے اور تحقیق فسق کرنا پہنچاتا ہے طرف آگ دوزخ کے اور

يَزَالُ الرَّجُلُ يَكْذِبُ وَيَتَحَرَّى الْكَذِبَ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ كَذَّابًا مُتَّفَقٌ
ہمیشہ آدمی جھوٹ بولتا ہے اور کوشش کرتا ہے جھوٹ بولنے میں یہانتک کہ لکھا جاتا ہے نام اوسکا نزدیک اللہ تعالی کے جھوٹوں میں متفق

عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ إِنَّ الصِّدْقَ بِرٌّ وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِي إِلَى الْجَنَّةِ
علیہ اور بیچ ایک روایت مسلم کی یہ الفاظ آئے ہیں کہا تحقیق سچ بولنا نیکی ہے اور نیکی پہنچاتی ہے طرف بہشت کے

وَإِنَّ الْكَذِبَ فُجُورٌ وَإِنَّ الْفُجُورَ يَهْدِي إِلَى النَّارِ وَعَنْ أُمِّ كُلْثُومٍ رض
اور تحقیق جھوٹ بولنا فجور ہے اور تحقیق فجور پہنچاتا ہے طرف آگ کے۔ اور روایت ہے ام کلثوم رض سے

قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْكَذَّابُ الَّذِي يُصْلِحُ بَيْنَ
کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے جھوٹا وہ شخص کہ صلاح کرتا ہے درمیان

النَّاسِ وَيَقُولُ خَيْرًا وَيَنْمِي خَيْرًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْأَسْوَدِ
لوگوں کے اور کہتا ہے باتیں نیک اور پہنچاتا ہے اچھی باتیں متفق علیہ۔ اور روایت ہے مقداد بیٹے اسود سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا رأيتم المداحين فاحثوا في وجوههم

کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ دیکھو تم تعریف کرنیوالوں کو پس ڈالو انکے مونہہ میں

التراب رواه مسلم وعن ابي بكرة قال اثنى رجل على رجل عند النبي

مٹی روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی بکرہ رض سے کہا تعریف کی ایک شخص نے ایک شخص کی روبرو نبی

صلى الله عليه وسلم فقال ويلك قطعت عنق اخيك ثلاثا من كان منكم مادحا

صلے اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے واے تجکو کاٹی تو نے گردن بھائی اپنے کی تین بار فرمایا جو شخص کہ ہو تم میں سے تعریف

لا محالة فليقل احسب فلانا والله حسيبه ان كان يرى انه كذلك

ضرور پس چاہیے کہ کہے گمان کرتا ہوں میں فلانے کو ایسا حالانکہ اللہ خوب جانتا ہے حقیقت حال اسکی اگر گمان رکھتا ہے تعریف

ولا يزكي على الله احدا متفق عليه وعن ابي هريرة ان رسول الله

اور تعریف نہ کرے خدا کے سامنے کسیکی۔ متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ تحقیق رسول خدا

صلى الله عليه وسلم قال اتدرون ما الغيبة قالوا الله ورسوله اعلم قال ذكرك

صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا جانتے ہو تم کہ کیا ہے غیبت کہا بعضے صحابہ نے کہ اللہ اور رسول اسکا دانا تر ہے فرمایا غیبت ذکر کرنا

اخاك بما يكره قيل افرأيت ان كان في اخي ما اقول قال ان كان فيه

اپنے بھائی مسلمان کو ساتھ ایسی صفت کے کہ ناخوش رکھے کہا صحابہ نے پس خبر دو تم اگر ہو بیچ بھائی میرے وہ چیز کہ کہتا ہوں میں فرمایا حضرت نے

ما تقول فقد اغتبته وان لم يكن فيه ما تقول فقد بهته رواه

وہ چیز کہ کہتا ہے تو پس تحقیق غیبت کی تو نے اسکی اور اگر نہو اسمیں وہ چیز کہ کہتا ہے تو پس تحقیق بہتان کیا تو نے اوپر اسکے روایت کی یہ

مسلم وفي رواية اذا قلت لاخيك ما فيه فقد اغتبته واذا قلت

مسلم نے اور ایک روایت مسلم کی میں ہے کہ جسوقت کہے تو واسطے بھائی اپنے کے وہ چیز کہ اسمیں ہے پس تحقیق غیبت کی تو نے اسکی اور

ما ليس فيه فقد بهته وعن عائشة ان رجلا استاذن على النبي

وہ چیز کہ نہیں اسمیں پس تحقیق بہتان کیا تو نے اوپر اسکے۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ تحقیق ایک شخص نے اذن مانگا حضرت

صلى الله عليه وسلم فقال ائذنوا له فبئس اخو العشيرة فلما جلس تطلق النبي

صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آنیکا پس فرمایا اذن دو اسکو آنیکا پس برا ہے اپنی قوم میں پس جب بیٹھا وہ کشادہ پیشانی کی نبی

صلى الله عليه وسلم في وجهه وانبسط اليه فلما انطلق الرجل قالت عائشة

صلے اللہ علیہ وسلم نے بیچ ملاقات اوسکے اور تبسم کیا واسطے اوسکے پس جبکہ گیا وہ شخص عرض کیا حضرت عائشہ نے

يا رسول الله قلت له كذا وكذا ثم تطلقت في وجهه وانبسطت

یا رسول اللہ کہا تھا تُنے اوسکے حق میں ایسا اور ایسا پھر کشادہ روئی کی آپنے بیچ ملاقات اوسکیکی اور میٹھی باتیں کیں

اليه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم متى عاهدتني فحاشا ان شر الناس

اوس سے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کب پایا تونے مجکو فحش بولنے والا تحقیق بدترین آدمیونکا

عند الله منزلة يوم القيامة من ترك الناس اتقاء شره وفي رواية

نزدیک اللہ کے مرتبے میں دن قیامت کے وہ شخص ہے کہ چھوڑ دیں اوسکو لوگ واسطے بچنے برائی اوسکی سے اور ایک روایت میں

اتقاء فحشه متفق عليه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى

واسطے بچنے فحش اوسکی کے متفق علیہ ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

الله عليه وسلم كل امتي معافى الا المجاهرون وان المجانة ان يعمل الرجل

علیہ وسلم نے تمام امت میری عافیت میں ہے مگر جو اپنی پوشیدہ گناہوں کو ظاہر کرتے ہیں اور تحقیق یہ بھی اظہار میں داخل ہے کہ عمل کرے آدمی

بالليل عملا ثم يصبح وقد ستره الله فيقول يا فلان عملت البارحة

رات کو عمل بد پھر صبح کرے اس حال میں کہ تحقیق ڈہانکا تھا اوسکو اللہ نے پس کہے وہ شخص اے فلانے کیا میں نے اگلی رات

كذا وكذا وقد بات يستره ربه ويصبح يكشف ستر الله عنه متفق

ایسا اور ایسا حالانکہ رات کو پردہ پوشی کی تھی اوسکی پروردگار اوسکے نے اور صبح کرتے ہی کھولدیا پردہ اللہ کا اپنے سے متفق

عليه وذكر حديث ابي هريرة من كان يؤمن بالله في باب الضيافة

علیہ اور ذکر کی گئی حدیث ابی ہریرہ رض کی اور اوسکا یہ ہے من کان یؤمن باللہ باب الضیافہ میں

## الفصل الثاني

عن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ترك الكذب وهو باطل

فصل دوسری ۔ روایت ہے انس رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلعم نے جو شخص کہ چھوڑ دے جھوٹ کو اور وہ ہو ناحق

بني له في ربض الجنة ومن ترك المراء وهو محق بني له في وسط الجنة ومن حسن خلقه

بنایا جاتا ہے اوسکو لیے محل بیچ کنارہ جنت کے اور جو شخص کہ چھوڑ دے جھگڑا اس حالت میں کہ حق پر ہو بنایا جاتا ہے اوسکو لیے مکان بیچون بیچ

بني له في اعلاها رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن وكذا

بنایا جاتا ہے اوسکو لیے مکان بیچ جگہہ بلند بہشت کے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن ہے اور ایسی ہے

في شرح السنة وفي المصابيح قال غريب وعن ابي هريرة قال قال

بیچ شرح السنہ کے اور بیچ مصابیح کے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا فرمایا

باب حفظ اللسان والغيبة والشتم

رسول الله صلى الله عليه وسلم أتدرون ما أكثر ما يدخل الناس الجنة تقوى

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے آیا جانتے ہو تم کہ کیا چیز اکثر داخل کرتی ہے آدمی کو بہشت میں وہ تقوی

الله وحسن الخلق أتدرون ما أكثر ما يدخل الناس النار الأجوفان

اللہ کا اور حسن خلق ہے کیا جانتے ہو تم کہ کیا چیز اکثر داخل کرتی ہے آدمی کو آگ میں دو چیزیں کاواک

الفم والفرج رواه الترمذي وابن ماجة وعن بلال بن الحارث

منہ اور شرمگاہ روایت کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے بلال بیٹے حارث کے سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الرجل ليتكلم بالكلمة من الخير

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق آدمی البتہ بولتا ہے ایک بات بیچ بھلائی کی

ما يعلم مبلغها يكتب الله له بها رضوانه إلى يوم يلقاه وإن الرجل

نہیں جانتا قدر اوسکی ثابت کرتا ہے اللہ واسطے اوسکے سبب اوسکی خوشنودی اپنی اوس دن تلک کہ ملاقات کریگا اللہ سے اور تحقیق آدمی

ليتكلم بالكلمة من الشر ما يعلم مبلغها يكتب الله بها عليه سخطه

البتہ بولتا ہے ایک بات برائی کی کہ نہیں جانتا قدر اوسکی ثابت کرتا ہے اللہ سبب اوسکے اوسپر خفگی اپنی

إلى يوم يلقاه رواه في شرح السنة وروى مالك والترمذي وابن ماجة

اوس دن تلک کہ ملاقات کریگا اوس سے روایت کی یہ شرح السنہ میں اور روایت کی مالک اور ترمذی اور ابن ماجہ نے

نحوه وعن بهز بن حكيم عن أبيه عن جده قال قال رسول الله

مانند اسکے ۔ اور روایت ہے بہز بن حکیم سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اونہوں نے اپنے دادا سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم ويل لمن يحدث فيكذب ليضحك به القوم ويل له ويل

صلی اللہ علیہ وسلم نے واے ہے واسطے اوس شخص کے کہ بات کرے پس جھوٹ بولے تا کہ ہنساوے ساتھ اوسکے قوم کو واے ہے واسطے اوسکے

له رواه أحمد والترمذي وأبو داود والدارمي وعن أبي هريرة

واسطے اوسکے روایت کی یہ احمد اور ترمذی اور ابو داؤد اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن العبد ليقول الكلمة لا يقولها

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بندہ البتہ بولتا ہے ایک بات نہیں بولتا ہے اوسکو

إلا ليضحك به الناس يهوي بها أبعد مما بين السماء والأرض

مگر اسواسطے کہ ہنساوے ساتھ اوسکے لوگوں کو گرتا ہے سبب اوسکے دوزخ میں دور تر ہے مسافت سے کہ درمیان آسمان

وَاِنَّهٗ لَيَزِلُّ عَنْ لِسَانِهٖ اَشَدَّ مِمَّا يَزِلُّ عَنْ قَدَمِهٖ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ

اور تحقیق بندہ پھسلتا ہے سبب زبان اپنی کے زیادہ تر پھسلنے سے قدم اپنے سے روایت کی یہ بیہقی نے بیچ شعب

الْاِيْمَانِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ

الایمان کے۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص

صَمَتَ نَجَا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ

کہ چپ رہا نجات پائی روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے اور دارمی اور بیہقی نے شعب الایمان میں

وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ لَقِيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ مَا النَّجَاةُ

اور روایت ہے عقبہ بن عامر رضہ سے کہ کہا ملاقات کی میں نے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور کہا میں نے کہ کیا ہے سبب نجات کا

فَقَالَ اَمْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ وَابْكِ عَلٰى خَطِيْئَتِكَ

فرمایا محفوظ رکھ تو زبان اپنی کو اور گنجائش دے تجھکو گھر تیرا اور رو تو اپنے گناہوں پر

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ رَفَعَهٗ قَالَ اِذَا اَصْبَحَ ابْنُ

